Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

با قاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعۃ المبارک ، 9 اکتوبر 2026ء ، 26 ربیع الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 167

پاکستان کے تعلیمی بحران سے نمٹنے کیلئے انسانی سرمایہ کاری اور مؤثر تعلیمی نظام ناگزیر قرار

سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (کیس) لاہور میں ''انسانی سرمایہ خطرے میں، تعلیم، ریاستی صلاحیت اور پاکستان کا ترقیاتی چیلنج'' کے عنوان سے گول میز مباحثہ، پاکستان کے تعلیمی بحران اور تعلیمی نظام میں موجود کمزوریوں پر گفتگو کی

تعلیم انسانی سرمایہ، سماجی ترقی اور معاشی مستقبل کی بنیاد قرار، ماہرین نے مؤثر منصوبہ بندی، اعداد و شمار پر مبنی فیصلہ سازی، اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت اور تعلیمی اداروں کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا

سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (کیس) میں منعقدہ مباحثہ کے مقررین کا گروپ فوٹو

لاہور (این ای این) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (کیس)، لاہور نے ۷ اکتوبر ۲۰۲۶ کو انسانی سرمایہ خطرے میں: تعلیم، ریاستی صلاحیت اور پاکستان کا ترقیاتی چیلنج کے عنوان سے ایک گول میز مباحثے کا انعقاد کیا۔ ایک آزاد تھنک ٹینک کے طور پر کیس لاہور باقاعدگی سے ایسی علمی نشستوں کا اہتمام کرتا ہے جن میں اہل علم، ماہرین اور پالیسی ساز علاقائی اور بین الاقوامی سلامتی کے اہم (بقیہ نمبر 29)

8 اکتوبر 2005 کے زلزلہ متاثرین کا دکھ آج بھی محسوس ہوتا ہے، مریم نواز

زلزلے میں جاں بحق ہونے والوں کے دکھ کو محسوس کر کے افسردہ ہے، پیغام

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ 8 اکتوبر 2005 کے زلزلہ متاثرین کا دکھ آج بھی محسوس ہوتا ہے۔ مریم نواز شریف نے 8 اکتوبر 2005 کے تباہ کن زلزلے کی مناسبت سے 21 ویں قومی یوم استقامت پر اپنے پیغام میں زلزلہ متاثرین سے اظہار یکجہتی اور جاں بحق افراد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہر فرد آج بھی اس غیر معمولی زلزلے میں جاں بحق ہونے والوں کے دکھ کو محسوس کر کے افسردہ ہے، قیامت خیز گھڑی (بقیہ نمبر 30)

کرک پولیس پر فائرنگ سے ایس ایچ او گن مین سمیت شہید

پولیس معمول کے گشت پر تھی کوہاٹ اور کرک کی باؤنڈری کے قریب نیو کڑپہ کے مقام پر مسلح افراد نے پولیس پر فائرنگ کر دی، راہ گیر زخمی

کرک (این این آئی) کرک میں پولیس پر فائرنگ سے ایس ایچ او بانڈہ داؤد شاہ داؤد خان اور گن مین شہید ہو گیا۔ ڈی پی او کرک عمران خان کے مطابق تھانہ بانڈہ داؤد شاہ کی پولیس معمول کے گشت پر تھی کہ کوہاٹ اور کرک کی (بقیہ نمبر 33)

ہائیکورٹ نے کسٹمز کے رات گئے چھاپے غیر قانونی قرار دیدیئے

مالک کی عدم موجودگی میں دکانوں کے تالے توڑ کر سامان ضبط کرنا قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ٹائر مارکیٹ کے تاجروں کی آئینی درخواست منظور کرتے ہوئے کسٹمز حکام کی جانب سے رات گئے دکانوں اور گوداموں پر چھاپے مارنے، تالے توڑنے اور سامان ضبط کرنے کی (بقیہ نمبر 32)

بجلی 1 روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی نوٹیفکیشن جاری

اگست کی فیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 19 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل ہوگا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی۔ نیپرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی اگست کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت ایک ماہ کیلئے مہنگی کی گئی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ کراچی (بقیہ نمبر 31)

بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنا بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی اور مشترکہ آبی وسائل کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی خطرناک کوشش ہے

تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

پاکستان اور بحرین نے تجارت و سرمایہ کاری، صنعتی تعاون، زراعت و غذائی تحفظ، ہنر مندی، اعلیٰ تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، لاجسٹکس اور بحری امور سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا ہے

باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دیں گے، پاکستان اور بحرین کے تعلقات مخلصانہ ہیں، دونوں ممالک کی توجہ مضبوط تعلقات کو عملی نتائج میں تبدیل کرنے پر ہے، بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی

پاکستانی برادری دونوں برادر ممالک کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار ادا کر رہی ہے، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کی مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اور بحرین نے تجارت و سرمایہ کاری، صنعتی تعاون، زراعت و غذائی تحفظ، ہنر مندی، اعلیٰ تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، لاجسٹکس اور بحری امور سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا ہے جبکہ دونوں ممالک نے خلیج تعاون کونسل اور پاکستان کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے کے عزم کا بھی اظہار کیا ہے۔ بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے کہا کہ پاکستان اور بحرین کے درمیان تعلقات انتہائی واضح اور مخلصانہ نوعیت کے ہیں اور اب دونوں ممالک کی توجہ اپنے مضبوط تعلقات کو مزید عملی نتائج میں تبدیل کرنے اور مستقبل (بقیہ نمبر 42)

JOINT PRESS STAKEOUT
DEPUTY PRIME MINISTER/FOREIGN MINISTER OF PAKISTAN,
H.E. SENATOR MOHAMMAD ISHAQ DAR & MINISTER OF FOREIGN AFFAIRS OF THE
KINGDOM OF BAHRAIN, H.E. DR. ABDULLATIF BIN RASHID AL-ZAYANI
08 October 2026
Islamabad
نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور مملکتِ بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی، مشترکہ پریس بریفنگ کے موقع پر

نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور مملکتِ بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کے ہمراہ پاکستان۔ بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کی مشترکہ صدارت کر رہے ہیں

وزیر مواصلات عبد العلیم کی زیر صدارت این ایچ اے کا اجلاس

وفاقی وزیر مواصلات کی این ایچ اے کو مانسہرہ سے ناران 123 کلو میٹر ماڈل شاہراہ کی فیزیبلٹی تیار کرنے کی ہدایت

نئی شاہراہوں میں سیفٹی فیچرز، ریسٹ ایریاز، واش رومز اور گرین بیلٹس لازمی جزو ہوں گی، وزیر مواصلات عبد العلیم خان

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو مانسہرہ سے ناران تک 123 کلومیٹر شاہراہ کو ماڈل منصوبے کے طور پر تیار کرنے کے لئے فیزیبلٹی پیش کرنے کی ہدایت کر دی ہے، یہ تین لین کا موٹروے کا مجوزہ منصوبہ نہ صرف سیاحت کے فروغ بلکہ چین تک تجارتی روابط مضبوط بنانے میں بھی سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم (بقیہ نمبر 43)

صدر زرداری سے وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی ملاقات

فوری ازالے کیلئے کوششوں کو موثر انداز میں اجاگر کرنے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وفاقی محتسب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لئے کی جانے والی کوششوں (بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد: نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار مملکتِ بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی سے ملاقات کر رہے ہیں

انتونیو گوتریس 3 روزہ دورہ پاکستان مکمل کر کے واپس چلے گئے

اقوام متحدہ کے منشور، کثیرالجہتی نظام اور عالمی امن کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس تین روزہ دورہ پاکستان مکمل کر کے اسلام آباد سے واپس چلے گئے، دورے میں اقوام متحدہ کے منشور، کثیرالجہتی نظام اور عالمی امن کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ انتونیو گوتریس کے (بقیہ نمبر 51)

اے جی پی آر کا میڈیا ہاؤسز کو ادائیگیاں جلد جاری کرنے کے عزم کا اظہار

اکاؤنٹنٹ جنرل پاکستان ریونیو کی پی آئی او رئیسہ عادل سے ملاقات، میڈیا کی بقیہ ادائیگیاں چند دنوں میں کلیئر کر دی جائیں گی

نثار احمد چیمہ نے پی آئی ڈی کے ذیلی دفتر (ایس او سی) کا دورہ بھی کیا اور میڈیا ہاؤسز کی ادائیگیوں کے عمل کا جائزہ لیا

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) اکاؤنٹنٹ جنرل پاکستان ریونیو (اے جی پی آر) نثار احمد چیمہ نے پی آئی ڈی میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل / پرنسپل انفارمیشن آفیسر (ای ڈی جی/پی آئی او) رئیسہ عادل سے ملاقات کی۔ انہوں نے ملاقات کے دوران میڈیا کی ادائیگیوں سے متعلق کارروائی میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا اور یقین دلایا کہ اے جی پی آر میڈیا ہاؤسز کو ادائیگیاں جلد از جلد اور (بقیہ نمبر 44)

اکاؤنٹنٹ جنرل پاکستان ریونیو، مسٹر نثار احمد چیمہ، کی پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل/ پرنسپل انفارمیشن آفیسر، مسز رئیسہ عادل سے ملاقات کر رہے ہیں

رانا اسد اللہ خان وفاقی سروس ٹربیونل کے چیئرمین ورکن مقرر

اسلام آباد (این این آئی) سابق ایڈیشنل اٹارنی جنرل پاکستان رانا اسد اللہ خان کو وفاقی سروس ٹربیونل کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے رانا اسد اللہ خان کی بطور چیئرمین و رکن وفاقی سروس ٹربیونل تقرری کی منظوری دی۔ دریں اثنا اپنی تقرری پر رانا اسد اللہ خان نے وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے ان پر کئے گئے اعتماد پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس اہم (بقیہ نمبر 45)

راولپنڈی کے اسپتال میں شارٹ سرکٹ، نرسری میں دھواں پھیل گیا

راولپنڈی (این این آئی) پنڈ ہسپتال میں افسوسناک سانحے کے بعد راولپنڈی کے ہسپتال کی نرسری میں دھواں پھیل گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 35)

پاکستانی بانڈز میں خلیجی سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھ گئی

خلیجی سرمایہ کاری میں سے مالیاتی استحکام کے امکانات بڑھ رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) خطے میں غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستانی بانڈز خلیجی سرمایہ کاروں کی توجہ کا مرکز بن گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ستمبر کے پہلے 25 روز کے دوران خلیجی سرمایہ کاروں نے پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز میں مجموعی طور پر 129.8 (بقیہ نمبر 34)

3 دن میں این او سی کا فیصلہ پیشگی اجازت کے بغیر کاروبار سیل کرنے پر پابندی

این او سی درخواستوں پر تین دن میں فیصلہ لازمی، پیشگی نوٹس کے بغیر کوئی عمارت یا دکان سیل نہیں کی جائے گی

افسران اب من مانی انسپکشن نہیں کر سکیں گے، کارروائی کے لیے ڈی سی آفس کی منظوری لازمی قرار

خلاف ورزی پر پہلے باقاعدہ نوٹسز اور وارننگز دی جائیں، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت اجلاس

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت انتظامی اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور سازگار کاروباری ماحول کے قیام کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر، تمام تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، پرائس مجسٹریٹس اور دیگر متعلقہ محکموں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر (بقیہ نمبر 36)

بحرینی وزیر خارجہ کی فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان اور بحرین کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو اجاگر کیا

راولپنڈی (این این آئی) بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور خطے کی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان اور بحرین کے درمیان دوطرفہ دفاعی و سلامتی تعاون سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

اٹلی میں ورک ویزا کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے ہتھیانے والا ملزم گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل راولپنڈی نے کارروائی کرتے ہوئے اٹلی ورک ویزا کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے ہتھیانے میں ملوث ملزم راجہ وجاہت اقبال کو گرفتار کر (بقیہ نمبر 37)

صحافیوں کے بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لئے آئی یو آئی اور آئی یو جے کے درمیان معاہدہ

آئی آئی یو آئی اسلام آباد سکول بھارہ کہو کیمپس اور اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

معاہدے کے تحت یونین ممبران کے بچوں کو تعلیمی سہولیات میں خصوصی رعایت اور دیگر ممکنہ سہولیات فراہم کی جائیں گی

صحافیوں اور ان کے اہلِ خانہ کی فلاح و بہبود کے ساتھ بچوں کے روشن مستقبل کیلئے تعلیمی سہولیات کی فراہمی یونین کی ترجیحات میں شامل ہے

چیئرمین شاہنواز خان نے سکول انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی ایسے مفید اقدامات جاری رکھے جائیں گے

آئی آئی یو آئی اسلام آباد سکول بھارہ کہو کیمپس اور اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخطوں کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

اسلام آباد (پ۔ر) آئی آئی یو آئی اسلام آباد سکول بھارہ کہو کیمپس اور اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے درمیان صحافی برادری اور ان کے اہلِ خانہ کے بچوں کو معیاری اور بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت کا مقصد اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے ممبران اور ان کے اہلِ خانہ کے بچوں کو آئی آئی یو آئی اسلام آباد سکول بھارہ کہو کیمپس میں معیاری تعلیم، بہتر تعلیمی ماحول اور خصوصی (بقیہ نمبر 38)

الیکٹرک گاڑیوں کے مختلف ماڈلز کی قیمتوں میں بڑی کمی کا اعلان

سورینٹو کے 3 ویریئنٹ پر 25 لاکھ روپے تک کی کمی کا نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) کیا موٹرز نے اپنی الیکٹرک گاڑی کے مختلف ماڈلز کی قیمتوں میں بڑی کمی کا اعلان کر دیا۔ کیا موٹرز نے سورینٹو کے تین ویریئنٹ پر 8 لاکھ سے 25 لاکھ روپے تک کی کمی کا نوٹیفکیشن جاری کیا ہے جس کے مطابق کیا سورینٹو ہائبرڈ (بقیہ نمبر 46)

سہیل آفریدی کا لانگ مارچ کے روٹ میں دوبارہ تبدیلی کا اعلان

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے لانگ مارچ کے اگلے مرحلے کو حتمی شکل دے دی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے لانگ مارچ کے اگلے مرحلے کے لیے اپنے پروگرام کو حتمی شکل دے دی ہے۔ جاری پروگرام کے مطابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا 11 اکتوبر تک مختلف اضلاع میں عوام اور کارکنوں کے (بقیہ نمبر 47)

لاہور: وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نیشنل ریسکیو چیلنج 2026ء کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بغیر لائسنس ادویات کی فروخت پر پابندی عائد، خلاف ورزی پر کارروائی

لائسنس نہ رکھنے والے میڈیکل اسٹورز کو بلا تاخیر لائسنس حاصل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں بغیر لائسنس ادویات کی فروخت پر پابندی عائد کر دی گئی۔ لائسنس کے بغیر کلینکس، فارمیسز اور میڈیکل اسٹورز ادویات فروخت نہیں کر سکیں گے، خلاف ورزی پر کارروائی ہوگی۔ نجی ٹی وی کے مطابق سیکرٹری (بقیہ نمبر 48)

بے نظیر بھٹو ہسپتال میں پارکنگ فیس کی مد میں اوورچارجنگ کا انکشاف

وزیر اعلیٰ پنجاب مانیٹرنگ یونٹ کی ٹیم نے ہسپتال کا دورہ کر کے معاملہ بے نقاب کر دیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں بینظیر بھٹو ہسپتال میں پارکنگ فیس کی مد میں اوورچارجنگ کا انکشاف ہوا جبکہ پرائیویٹ پارکنگ عملہ مقررہ فیس سے زائد رقم وصول کرنے لگا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مانیٹرنگ یونٹ کی ٹیم نے ہسپتال کا دورہ کر کے (بقیہ نمبر 49)

مری میں نیشنل ریزیلنس ڈے کے موقع پر آگاہی واک اور سیمینار کا انعقاد

مختلف عوامی مقامات پر شہریوں کو قدرتی آفات سے نمٹنے، احتیاطی تدابیر اور ہنگامی صورتحال میں مؤثر ردعمل سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی

قدرتی آفات کو روکا نہیں جاسکتا تاہم بروقت تیاری، مؤثر منصوبہ بندی سے جانی و مالی نقصان کم کیا جاسکتا ہے، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر کامران رشید

مری (این ای این) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارۂ امتیاز) کی ہدایات پر پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری کے زیر اہتمام 8 اکتوبر نیشنل ریزیلنس ڈے (آفات سے بچاؤ اور تیاری کی آگاہی کا قومی دن) منایا گیا، اس دن کو منانے کا بنیادی مقصد شہریوں میں قدرتی و ناگہانی آفات سے نمٹنے، بروقت احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور ہنگامی صورتحال میں مؤثر ردعمل کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے، تاکہ قیمتی انسانی جانوں اور املاک کو ممکنہ نقصان سے محفوظ رکھا جاسکے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی (بقیہ نمبر 52)

ناراض ہو کر نکلنے والے دو بھائیوں کی لاشیں کوئلہ کان سے برآمد

دکی (این این آئی) دکی کے مقامی کوئلہ کان سے دو بھائیوں کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں، دونوں بھائی زہریلی گیس بھرنے کے باعث جاں بحق ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق جاں بحق افراد کی شناخت محمد حسن اور محمد ہاشم کے نام سے ہوئی ہے، دونوں میر زاخان (بقیہ نمبر 53)

غیر قانونی کال سینٹرز پر چھاپوں میں 42 ملزمان گرفتار

اسلام آباد میں غیر قانونی کال سینٹر پر چھاپہ، 33 ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد اور لاہور میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر 42 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایت پر سائبر کرائم کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا گیا ہے۔ اسلام آباد میں نجی ہوٹل کے قریب ایک غیر قانونی کال سینٹر پر چھاپہ مارا گیا، جہاں کارروائی کے دوران 33 ملزمان گرفتار کیے گئے۔

سی ڈی اے کا کریک ڈاؤن فائر سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر 92 عمارتیں اور مقامات سیل

وزیر داخلہ محسن نقوی اور چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایات پر بڑی کارروائیاں، ستمبر کے دوران 154 آڈٹس کیے گئے 288 چالان جاری اور 24 لاکھ روپے جرمانہ وصول

فائر لائف سیفٹی قوانین نہ اپنانے پر 78 کمرشل دکانیں، 8 بلند، 4 رہائشی اور 3 سرکاری عمارتیں سیل، ہسپتالوں میں بھی حفاظتی آلات ناکافی قرار

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی ہدایات پر کیپٹل ایمرجنسی سروسز (CES) نے ستمبر 2026 کے دوران اسلام آباد بھر میں فائر سیفٹی قوانین پر عملدرآمد کے لیے بڑے پیمانے پر کارروائیاں کرتے ہوئے 92 فائر اینڈ سیفٹی کے قوانین کی عملداری نہ کرنے والی عمارتیں/مقامات سیل کیے۔ سی ڈی اے کے بلڈنگ ایمرجنسی آڈٹ اینڈ پریوینشن ونگ کی جانب سے کمرشل، ہسپتالوں، رہائشی اور سرکاری عمارتوں کے وسیع پیمانے (بقیہ نمبر 54)

ایم این اے ابرار احمد کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و ثقافت پنجاب شازیہ رضوان مبارک باد پیش کر رہی ہیں۔ اس موقع پر پی پی 16 ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک رضوان افسر بھی موجود ہیں

پنشن کیلئے 15 سال کی شراکت لازمی ہے، وفاقی آئینی عدالت

وفاقی آئینی عدالت نے ای او بی آئی کی اپیل منظور کر لی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے ای او بی آئی پنشن کے لیے کم از کم 15 سال کی شراکت کو لازمی قرار دیتے ہوئے سابق بینک ملازم کے پنشن سے متعلق کیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ، وفاقی محتسب اور صدر پاکستان کے احکامات کالعدم کر دیئے۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے 12 صفحات کا حکم نامہ تحریر کیا۔ تین رکنی بینچ میں جسٹس عامر فاروق اور جسٹس علی باقر نجفی بھی شامل تھے۔ مقدمہ سابق بینک ملازم جاوید اقبال بھٹی کی پنشن (بقیہ نمبر 39)

رشتے کے تنازع پر نوجوان نے لڑکی کو قتل کر کے خودکشی کر لی

قصور (این این آئی) پتوکی میں نوجوان نے گھر میں گھس کر لڑکی کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کے بعد خودکشی کر لی۔ اہل علاقہ کے مطابق ملزم نعمان نے گھر میں گھس کر 22 سالہ عتیقہ کو فائرنگ کا نشانہ بنایا، بعد ازاں ملزم نے خود کو بھی گولی مار کر خودکشی کر لی۔ پولیس کے (بقیہ نمبر 40)

یونیورسٹی آف سندھ میں نوجوان صارفین کے تحفظ کے لئے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کی فوری نفاذ کی ضرورت پر زور

پناہ کا یونیورسٹی آف سندھ میں غیر صحت بخش غذاؤں کے خلاف آگاہی سیشن

آگاہی سیشن میں طلبہ کو غیر صحت بخش غذاؤں، الٹرا پروسیسڈ مصنوعات اور فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا

ذیابیطس، امراض قلب، موٹاپے اور دیگر غیر متعدی امراض کی روک تھام کے لیے عوامی آگاہی کے ساتھ مؤثر پالیسی اقدامات بھی ضروری ہیں

پناہ کے جنرل سیکریٹری ثناء اللہ گھمن کا خطاب، سیشن میں تقریباً 120 طلبہ، فیکلٹی ممبران اور نوجوانوں کے نمائندوں نے شرکت کی

جامشورو (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) نے اپنی ملک گیر نوجوان آگاہی مہم کو مزید وسعت دیتے ہوئے یونیورسٹی طلبہ کو غیر صحت بخش غذاؤں اور الٹرا پروسیسڈ مصنوعات (UPPs) کے مضر اثرات، اور صارفین کو باخبر غذائی انتخاب کرنے میں مدد دینے کے لیے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWL) کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ اس سلسلے میں PANAH کے زیر اہتمام الٹرا پروسیسڈ مصنوعات پر فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کی اہمیت کے حوالے سے نوجوانوں کے لیے آگاہی سیشن (بقیہ نمبر 41)

پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے زیر اہتمام منعقدہ آگاہی سیشن کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified



اشاعتِ خاص

اسلام آباد تبدیلی کی راہ پر

محسن نقوی کا ترقی یافتہ، خوبصورت، صاف، سرسبز اور معاشی طور پر متحرک دارالحکومت کا وژن

ترقی • خوبصورتی • سہولت • خوشحال اسلام آباد

اسلام آباد کو نمایاں ملکی و بین الاقوامی سیاحتی منزل بنانے کا عزم

عوامی مقامات کے تحفظ اور شہری قوانین پر مؤثر عملدرآمد کے لیے کارروائیاں تیز

اسلام آباد، پاکستان کا وفاقی دارالحکومت ہونے کے ساتھ ساتھ ملک کی شناخت میں بھی ایک منفرد مقام رکھتا ہے۔ مارگلہ کی پہاڑیوں کے دامن میں آباد یہ شہر اپنی سرسبزی، کشادہ شاہراہوں، قدرتی حسن اور منظم شہری منصوبہ بندی کے باعث ہمیشہ سے نمایاں رہا ہے۔ آج کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) ان خصوصیات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے وسیع البنیاد اقدامات کر رہی ہے، جن کے ساتھ ساتھ شہری انفراسٹرکچر کو جدید بنانا، شہری سہولیات کو بہتر کرنا، عوامی مقامات کا تحفظ، سیاحت، سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا بھی ترجیحات میں شامل ہے۔

وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کے وژن اور ہدایات، جبکہ چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی مؤثر اور فعال نگرانی میں سی ڈی اے نے اسلام آباد کو مزید ترقی یافتہ، صاف، سرسبز، خوبصورت، محفوظ، ماحول دوست اور شہری دوست دارالحکومت بنانے کے لیے اپنی سرگرمیاں مزید تیز کر دی ہیں۔

سی ڈی اے کی موجودہ حکمت عملی میں انفراسٹرکچر کی ترقی کے ساتھ ساتھ شہری خوبصورتی، ماحولیاتی تحفظ، میونسپل سروسز میں بہتری، قوانین وضوابط پر عملدرآمد اور تفریحی وسیاحتی سہولیات کے فروغ کو بھی یکساں اہمیت دی جا رہی ہے۔

ترقیاتی منصوبوں اور جدید انفراسٹرکچر میں تیزی

اسلام آباد کی تبدیلی کے ایجنڈے کا ایک نمایاں پہلو شہر بھر میں ترقیاتی اور انفراسٹرکچر منصوبوں کو تیز کرنا ہے۔ سڑکوں، انٹرچینجز، انڈر پاسز، پیدل چلنے والوں کی سہولیات، سروس روڈز اور دیگر شہری انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار اور اپ گریڈ کیا جا رہا ہے تاکہ شہری رابطوں، آمدورفت اور ٹریفک کی روانی کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ کا منصوبہ اسی ترقیاتی حکمت عملی کی ایک اہم مثال ہے۔ حالیہ فیلڈ معائنے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے نے منصوبے پر جاری کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا اور متعلقہ فارمیشنز کو ہدایت کی کہ تعمیراتی معیار پر سمجھوتہ کیے بغیر منصوبے کی تکمیل کو مزید تیز کیا جائے۔ اس منصوبے سے اسلام آباد میں رابطہ کاری مزید بہتر ہونے، ٹریفک کی روانی میں بہتری اور سڑکوں کی استعداد میں اضافے کی توقع ہے۔

اسلام آباد کے مختلف سیکٹرز اور دیگر اہم علاقوں میں بھی ترقیاتی سرگرمیاں جاری ہیں۔ سی ڈی اے کی قیادت کی جانب سے منصوبوں کی بروقت تکمیل، تعمیراتی معیار اور دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال پر مسلسل زور دیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو غیر ضروری تاخیر کے بغیر بہتر

انفراسٹرکچر اور سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

سیکٹر E-12 میں تاریخی پیش رفت

حالیہ اہم کامیابیوں میں سیکٹر E-12 میں چار دہائیوں سے زائد عرصے کے بعد ایک ہزار کنال سے زائد قیمتی اراضی کی واگزاری بھی شامل ہے۔ سی ڈی اے کے مطابق اس اراضی کی مالیت اربوں روپے ہے اور اس کی واگزاری سے سیکٹر کی ترقی میں ایک طویل عرصے سے حائل رکاوٹ دور ہوئی ہے۔

یہ کامیابی محض اراضی کی واگزاری تک محدود نہیں بلکہ اس سے سیکٹر میں منصوبہ بندی کے مطابق ترقیاتی سرگرمیوں کو تیز کرنے، بنیادی انفراسٹرکچر بہتر بنانے اور طویل عرصے سے زیر التوا سیکٹر کو اسلام آباد کے ایک باقاعدہ ترقی یافتہ حصے میں تبدیل کرنے کے امکانات پیدا ہوئے ہیں۔

قیمتی سرکاری اراضی کی کامیاب واگزاری سی ڈی اے، انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ، اسلام آباد انتظامیہ، اسلام آباد پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتی ہے۔

یہ اقدام ایک ایسے ادارہ جاتی طرزِ عمل کی عکاسی کرتا ہے جس کا مقصد سرکاری اراضی کا تحفظ اور ریاستی اثاثوں کو اسلام آباد کے منظور شدہ ماسٹر پلان اور منصوبہ بندی کے فریم ورک کے مطابق بروئے کار لانا ہے۔

اسلام آباد کو ایک نمایاں سیاحتی منزل بنانا

اسلام آباد میں پاکستان کی اہم ملکی اور بین الاقوامی سیاحتی منزل بننے کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔ قدرتی مناظر، مارگلہ کی پہاڑیاں، واکنگ ٹریلز، پارکس، خوبصورت ویو پوائنٹس اور منظم شہری ماحول سیاحت کے فروغ کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

سی ڈی اے F-9 پارک، لیک ویو پارک، دامنِ کوہ اور واکنگ ٹریلز سمیت اہم تفریحی مقامات پر سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔

یہ اقدامات اسلام آباد کے سیاحتی اور تفریحی امکانات کو وسعت دینے اور شہریوں، ملکی سیاحوں اور بین الاقوامی زائرین کے لیے بہتر تجربہ فراہم کرنے کی وسیع تر حکمت عملی کا حصہ ہیں۔

اسلام آباد کو سیاح دوست شہر میں تبدیل کرنے سے وسیع تر معاشی فوائد بھی حاصل ہو سکتے ہیں۔ ایک فعال سیاحتی ماحول ریستورانوں، ہوٹلوں، ٹرانسپورٹ، ریٹیل کاروبار، تفریحی سرگرمیوں اور مقامی معیشت کے دیگر متعدد شعبوں کے فروغ میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔

عوامی مقامات کے تحفظ اور قانون پر مؤثر عملدرآمد

ترقی اور خوبصورتی کے منصوبے مؤثر قانون پر عملدرآمد کے بغیر کامیاب نہیں ہو سکتے۔ غیر مجاز تعمیرات، تجاوزات اور عوامی مقامات کے غلط استعمال سے شہری منصوبہ بندی متاثر ہوتی ہے، پیدل چلنے والوں کے راستے مسدود ہوتے ہیں، گرین بیلٹس کو نقصان پہنچتا ہے اور شہر کے مجموعی ماحول اور خوبصورتی پر منفی اثر پڑتا ہے۔ اسی لیے سی ڈی اے نے تجاوزات اور شہری قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف مؤثر کارروائیوں میں مزید تیزی لائی ہے۔ ان اقدامات کا مقصد سرکاری اراضی واگزار کرانا، سڑکوں اور فٹ پاتھوں کا تحفظ، گرین بیلٹس کو محفوظ رکھنا اور اسلام آباد کو منظور شدہ ماسٹر پلان کے مطابق ترقی دینا ہے۔

سی ڈی اے شہریوں کے تحفظ کے لیے فائر اینڈ لائف سیفٹی قوانین پر بھی عملدرآمد یقینی بنا رہا ہے تاکہ عمارتوں اور عوامی مقامات پر حفاظتی معیار کو بہتر بنایا جا سکے۔

سرمایہ کاری اور کاروبار دوست دارالحکومت

ایک ترقی یافتہ دارالحکومت کا معاشی طور پر متحرک ہونا بھی ضروری ہے۔ اس لیے اسلام آباد کی ترقی کا دائرہ صرف انفراسٹرکچر اور خوبصورتی تک محدود نہیں بلکہ اس کے معاشی اثرات بھی نہایت اہم ہیں۔

بہتر سڑکیں، مضبوط رابطہ کاری، خوبصورت عوامی مقامات، جدید تفریحی سہولیات، بہتر میونسپل سروسز اور قوانین پر مؤثر عملدرآمد کاروباری اداروں، سرمایہ کاروں، سیاحوں اور سروس فراہم کرنے والوں کے لیے زیادہ سازگار ماحول پیدا کرنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔

سی ڈی اے نے اسلام آباد میں ہاسپیٹیلٹی انڈسٹری کے فروغ اور شہر کو جدید و بین الاقوامی معیار کے مطابق ترقی دینے کے عزم کا بھی اظہار کیا ہے۔ ہاسپیٹیلٹی، نمائشوں، کنونشنز اور دیگر شہری سہولیات سے متعلق بڑے منصوبے وفاقی دارالحکومت کے معاشی اور سیاحتی امکانات کو مزید وسعت دینے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

وسیع تر مقصد ایک ایسا اسلام آباد تشکیل دینا ہے جہاں ترقی اور معاشی سرگرمیاں ماحولیاتی پائیداری، منظم شہری توسیع اور شہر کے منفرد تشخص کے تحفظ کے ساتھ آگے بڑھیں۔

قیادت جس کی توجہ عملی تکمیل پر مرکوز

ہے

انفراسٹرکچر، سیاحت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ سے اسلام آباد کے روشن مستقبل کا وژن

اسلام آباد کو سرمایہ کاری اور کاروبار دوست دارالحکومت بنانے کی حکمت عملی

سی ڈی اے کی قیادت کی فیلڈ مانیٹرنگ، منصوبوں کی بروقت تکمیل پر خصوصی توجہ

اسلام آباد کی ترقی کے موجودہ مرحلے میں فیلڈ مانیٹرنگ، ادارہ جاتی رابطہ کاری اور منصوبوں کی بروقت تکمیل پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد کا منصب سنبھالنے کے بعد سہیل اشرف نے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، عوامی خدمات میں بہتری، انتظامی کارکردگی، شفافیت اور ٹیکنالوجی پر مبنی اصلاحات پر زور دیا ہے۔ ترقیاتی منصوبوں، بڑے انفراسٹرکچر پراجیکٹس اور ڈپلومیٹک انکلیو کے فیلڈ دورے اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ منصوبوں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار اور عملی صورتحال

کی براہ راست نگرانی پر توجہ دی جا رہی ہے، جبکہ متعلقہ فارمیشنز کو تاخیر دور کرنے اور منصوبوں کی رفتار تیز کرنے کی ہدایات بھی دی جا رہی ہیں۔

اسلام آباد کے روشن مستقبل کا وژن

اسلام آباد کی تبدیلی کسی ایک سڑک، پارک، شجرکاری مہم یا ترقیاتی منصوبے کا نام نہیں۔ اصل مقصد ایک ایسا مربوط شہری ماحول تشکیل دینا ہے جہاں انفراسٹرکچر، صفائی، سرسبزی، سیاحت، معاشی سرگرمیاں، عوامی تحفظ اور مؤثر طرزِ حکمرانی ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگ ہوں۔

وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی پالیسی سمت اور چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی نگرانی میں سی ڈی اے کے جاری اقدامات اسلام آباد کو پاکستان کے وفاقی، سفارتی، انتظامی، سیاحتی اور معاشی مرکز کی حیثیت سے مزید مضبوط بنانے کی ایک وسیع حکمت عملی کا حصہ ہیں۔

قیمتی سرکاری اراضی کی واگزاری، انفراسٹرکچر منصوبوں میں تیزی، صفائی اور سینیٹیشن میں بہتری، گرین کور میں اضافہ، عوامی مقامات کی خوبصورتی، تفریحی سہولیات کا فروغ، قوانین پر مؤثر عملدرآمد اور ڈپلومیٹک انکلیو کی اپ گریڈیشن جیسے اقدامات ایک زیادہ جدید، منظم اور بہتر انتظام والے دارالحکومت کی جانب پیش رفت کی عکاسی کرتے ہیں۔

اسلام آباد کی ترقی کا یہ سفر بالآخر ایک ایسے وفاقی دارالحکومت کی تشکیل کی طرف بڑھ رہا ہے جو ترقی یافتہ بھی ہو، صاف بھی ہو، سرسبز بھی ہو، خوبصورت بھی ہو، محفوظ بھی ہو، سیاح دوست بھی ہو اور کاروبار و سرمایہ کاری کے لیے سازگار بھی ہو۔

ایک ایسا اسلام آباد جو پاکستان کی ترقی، خوبصورتی، امن، نظم و نسق اور روشن مستقبل کی حقیقی علامت بن سکے۔

اسلام آباد میں ترقیاتی منصوبوں اور جدید انفراسٹرکچر میں تیزی

سیکٹر E-12 میں چار دہائیوں بعد ایک ہزار کنال سے زائد قیمتی اراضی واگزار

بقیہ 1

سے 01.00 بجے تک کے ہیں۔ اس کورس میں فش فارمرز کو بہتر انداز میں جدید ایکوا کلچر کے بارے میں رہنمائی فراہم کی جائے گی۔ کورس کی تکمیل کرنے سے فش فارمرز ٹریننگ کورس مکمل کر کے مچھلی کی پیداوار کو بڑھا سکیں گے۔ اس کورس کی بدولت نئی طرز پر فش فارمنگ کرنے کے خواہشمند حضرات تربیت حاصل کر کے جدید طرز پر فش فارمنگ کے شعبے کو اپنا سکیں گے۔ ایکوا کلچر مینجمنٹ کورس میں شرکت کرنے والے حضرات سے کسی قسم کے چارجز وصول نہیں کیے جائیں گے۔ تربیتی کورس میں رجسٹریشن کے لیے خواہش مند حضرات 03115336150 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 2

ایجنسی اور کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد کو پاکستان کا پہلا مکمل پلاسٹک فری شہر بنایا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پلاسٹک کے مکمل خاتمے سے نہ صرف وفاقی دارالحکومت کے حسن اور خوبصورتی میں اضافہ ہوگا بلکہ ماحولیاتی آلودگی میں بھی نمایاں کمی واقع ہوگی۔ طلال چوہدری نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ پلاسٹک بیگز کے استعمال سے مکمل گریز کریں اور روزمرہ زندگی میں ماحول دوست متبادل ذرائع اپنائیں۔

بقیہ 3

میں الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران دوطرفہ تعلقات، بالخصوص دفاع اور ہوا بازی کے شعبوں میں تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیرِ دفاع نے تینوں ممالک کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کی خواہش کا اعادہ کیا۔ ملاقات کرنے والے معزز سفارتی نمائندگان نے پاکستان کے ساتھ جاری تعاون کو سراہتے ہوئے دوطرفہ تعاون کو مزید وسیع اور مستحکم کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔

بقیہ 4

والے کہتے تھے کہ وفاقی حکومت کا حصہ ہی نہیں لیکن اب ایسا لگ رہا ہے کہ بیگانی شادی میں عبداللہ دیوانہ، کرپشن کی باتیں پیپلز پارٹی کے منہ سے اچھی نہیں لگتیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ رانا ثنا اللہ نے بلاول پر بلین ڈالر کی منی لانڈرنگ کا الزام لگایا اس کا جواب دیں، آپ کارکردگی کی بات کرتے ہیں تو کراچی بی آر ٹی کو دیکھیں، 2021 میں وہاں بی آر ٹی شروع ہوئی، اب بینک کہہ رہا ہے کہ اپنا قرضہ واپس چاہیے، یہ اپنے گورنر صاحب کیلئے روزگار کی تلاش میں ہیں۔

بقیہ 5

ہونے کے بعد لیسکو نے بعدازاں ایڈجسٹمنٹ فیڈ کر دیں، تاہم صارفین کے بلوں میں درج میٹر ریڈنگ اور تصاویر میں واضح تضاد سامنے آنے لگا۔ ذرائع کے مطابق لیسکو میں لائن لاسز کے غیر مستحکم اہداف کے باعث اوور بلنگ کی شکایات بڑھ رہی ہیں، جس سے صارفین کو بھاری بھرکم بجلی کے بل ادا کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ 6

انسداد ڈینگی اقدامات، ویکٹر سرویلنس، لاروا کیسز، فیلڈ رسپانس، فوگنگ، صفائی ستھرائی اور آگاہی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ رواں سال ڈینگی کی صورتحال گزشتہ سال کی نسبت مجموعی طور پر بہتر ہے جبکہ انسداد ڈینگی سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی اور بروقت رسپانس کے باعث صورتحال کو قابو میں رکھنے میں مدد ملی ہے۔ بریفنگ کے مطابق رواں سال ضلع راولپنڈی میں ڈینگی کے خلاف ان ڈور اور آؤٹ ڈور ویکٹر سرویلنس کا دائرہ کار وسیع کیا گیا ہے۔ حساس علاقوں میں گھروں اور ہاٹ سپاٹس کی باقاعدگی سے چیکنگ، لاروا کی نشاندہی اور فوری رسپانس کے ساتھ ساتھ ہائی رسک علاقوں میں ٹارگٹڈ فوگنگ بھی جاری ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ستمبر 2026 تک ڈینگی مریضوں کی تعداد گزشتہ سال کے مقابلے میں نمایاں طور پر کم رہی۔ رواں سال ستمبر میں ضلع راولپنڈی میں 53,755 لاروا رپورٹ ہوئے جبکہ ڈینگی کے 9 مریض رپورٹ ہوئے، جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں 48,045 لاروا کے مقابلے میں 352 مریض رپورٹ ہوئے تھے۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ ڈینگی کے حوالے سے حساس یونین کونسلز میں سرویلنس، لاروا کیس رسپانس اور صفائی ستھرائی کی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے اور فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کی مسلسل نگرانی کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا کہ ڈینگی کے خاتمے کے لیے تمام متعلقہ محکمے مربوط انداز میں کام جاری رکھیں اور ہاٹ سپاٹس پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ اپنے گھروں اور اردگرد کے ماحول میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں اور ڈینگی لاروا کی افزائش کے ممکنہ مقامات کی فوری نشاندہی کریں۔ رکن قومی اسمبلی محترمہ طاہرہ اورنگزیب نے انسداد ڈینگی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے اور عوامی آگاہی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 7

کی ڈیل کی۔ رقم کی ادائیگی کے باوجود شہری کو قید کر کے تشدد کیا گیا اور تشدد کی ویڈیوز اہلخانہ کو بھجوا کر تاوان مانگا۔

بقیہ 8

نہیں ہوئی تاہم دھاکے کی نوعیت تاحال معلوم نہیں ہو سکی۔

بقیہ 9

ڈپٹی کمشنر ریونیو کوٹ ادو جبکہ مزمل الیاس کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز سیالکوٹ تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 10

رہنما ایڈووکیٹ شیر افضل مروت نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کی تقرری کو چیلنج کیا ہوا ہے۔

بقیہ 11

میں درپیش مشکلات دور ہو سکیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی ہدایت کی۔ پرائس کنٹرول کے حوالے سے بات کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو بازاروں کی باقاعدہ انسپکشن کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی اور مصنوعات کی مقررہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا اور عوامی سہولت کے لیے سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 12

لیڈی کانسٹیبل ڈرائیور کانسٹیبل محمد مبشر سرکاری گاڑی نمبر 2563 ایس ایل ایم میں موقع پر پہنچے تو قبضہ مافیا قاسم مسیح مسلح پسٹل دیگر اسلم، ساجد، محسن عزیز، ارشاد بی بی، آسیہ بی بی، اور چار نامعلوم خواتین اور چار نامعلوم نوجوانوں نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی کہا کہ ہمارا قبضہ کون چھڑائے گا

بقیہ 13

راستوں کی بندش کے باعث طلبہ اور عملے کو ممکنہ مشکلات سے بچانے کے لیے تعلیمی ادارے بند رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نجی اسکولوں کی انتظامیہ کی جانب سے والدین کو واٹس ایپ گروپس کے ذریعے پیغامات بھیج کر اسکولوں کی بندش سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔ اسکول انتظامیہ کے مطابق لانگ مارچ کے باعث راستوں کی بندش سے طلبہ اور اسٹاف کو آمدورفت میں مشکلات پیش آ سکتی ہیں، جس کے پیش نظر آج اسکول بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ دوسری جانب محکمہ تعلیم خیبرپختونخوا نے واضح کیا ہے کہ صوبے کے سرکاری اسکول معمول کے مطابق کھلے ہیں۔ محکمہ تعلیم کے مطابق اگر کسی اسکول کی انتظامیہ کو محسوس ہوتا ہے کہ راستوں کی بندش کے باعث طلبہ اور عملے کو مشکلات پیش آ سکتی ہیں تو وہ ایک دن کے لیے اسکول بند رکھ سکتے ہیں۔

بقیہ 14

وہ ایک نمائندہ کونسل کے ذریعے ملک کے سیاسی نظام اور آئندہ حکومت کا تعین کر سکیں۔ سیاسیمباحثیانہوں نے کہا کہ خارجہ و داخلہ پالیسی، بجٹ، جنگ اور امن جیسے اہم قومی معاملات کے فیصلے منتخب اداروں کے ذریعے ہونے چاہئیں، جبکہ عوام کی رائے کسی بھی سیاسی نظام کی بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ گلبدین حکمت یار نے طالبان کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں جنگ یا امن میں سے ایک راستہ منتخب کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں سوویت یونین اور امریکا کی حمایت سے قائم حکومتیں زیادہ عرصہ برقرار نہیں رہ سکیں، اسی طرح طالبان حکومت بھی مستقل طور پر قائم نہیں رہ سکے گی۔

بقیہ 15

متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لے کر صفائی کے ذمہ دار عملے کی کارکردگی اور نگرانی کا جائزہ لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 16

جمالی اور احمد سلیم صدیقی نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری مذہبی امور ابرار مرزا سمیت وزارت کے دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے، جبکہ کمیٹی کو حج پالیسی 2027 سے 2030 تک کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کے دوران ڈی جی حج کا معاملہ ایک مرتبہ پھر زیر بحث آیا۔ کمیٹی ارکان نے سوال اٹھایا کہ ڈی جی حج کو اب تک کیوں نہیں ہٹایا جا رہا؟ اس موقع پر کمیٹی نے ڈی جی حج سے ویڈیو لنک کے ذریعے بریفنگ لینے سے بھی انکار کر دیا۔ سیکرٹری مذہبی امور نے کمیٹی کو بتایا کہ نئے ڈی جی حج کی تعیناتی کا معاملہ زیر غور ہے، تاہم کسی شخصیت کے تبدیل ہونے سے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ اجلاس میں حج کے دوران مختلف افراد کو نوازنے کے معاملے پر بھی سوالات اٹھائے گئے۔ کمیٹی رکن شگفتہ جمالی نے استفسار کیا کہ بتایا جائے حج میں لوگوں کو کس طرح نوازا جاتا ہے؟ سیکرٹری مذہبی امور نے جواب دیا کہ کسی کو نہیں نوازا جاتا، تاہم اگر اس حوالے سے کوئی اطلاعات موجود ہیں تو وزارت کو آگاہ کیا جائے، متعلقہ معاملے پر کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 17

براہ راست گواہ موجود نہیں۔ سرکاری وکیل نے جواب دیا ملزمہ کا اپنا ویڈیو بیان موجود ہے، ملزمہ نے ایک ٹی وی شو میں بچے کو قتل کرنے کا اعتراف کیا ہے۔ جسٹس شکیل احمد نے ریمارکس دیئے کہ صرف ٹی وی پروگرام ازقابل قبول شواہد نہیں، ٹی وی پروگرام کے ساتھ دیگر شواہد بھی ہونے چاہیے، تفتیشی افسر نے اس مقدمہ میں اپنی ذمہ داری کو پورا نہیں کیا۔ جسٹس ملک شہزاد نے کہا گواہیاں اور میڈیکل رپورٹ متضاد ہیں، عدالت نے عدم شواہد پر ملزمہ کو بری کر دیا، ملزمہ انیقہ پر اپنے پانچ سالہ بچے کو قتل کرنے کا الزام تھا۔

بقیہ 18

مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آ سکیں۔

بقیہ 19

کہ وہ سیاسی احتجاج اور دھرنوں میں مصروف ہے، جبکہ دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں میں مصروف پولیس کی ضروریات کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 20

پرائس کنٹرول سمیت دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر مری نے تمام اداروں کے درمیان بہترین کوآرڈینیشن پر زور دیتے ہوئے ہدایت کی کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور قانون کی عملداری کو یقینی بنانے کے لیے مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کیا جائے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ تمام محکمے باہمی تعاون کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور قانون کی عملداری کو یقینی بنائیں۔ تجاوزات کے خلاف آپریشن بلاتعطل جاری رہے گا۔

بقیہ 21

کہ گیس سیکٹر کا مجموعی گردشی قرض 3 ہزار ارب روپے سے زیادہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صرف سوئی ناردرن اور سدرن کا گردشی قرض ایک ہزار ارب روپے ہے۔

بقیہ 22

دفاعی معاہدے کے تحت پاکستانی افواج کے استعمال پر قیاس آرائیوں سے گریز کرے۔ بیان میں کہا گیا کہ افواج کی کسی بھی قسم کی تعیناتی اگر ضروری ہوئی تو اس کی تفصیلات متعلقہ حکام خود فراہم کریں گے۔

بقیہ 23

پاس طاعون کی تشخیص کی صلاحیت موجود ہے۔ دوسری جانب ڈی جی ہیلتھ نے کہا کہ وفاقی وزارت صحت اور قومی ادارہ صحت صورت حال سے مکمل آگاہ ہیں۔

بقیہ 24

بنیادی مقصد غذائی کمی کا شکار مستحق خواتین ماؤں اور بچوں کو ضروری غذائی سہولیات فراہم کرنا ہے تاکہ انہیں مناسب خوراک اور غذائیت کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے تاہم شہریوں کی جانب سے وارڈ میں فراہم ہونے والی غذائی اشیاء اور ان کی تقسیم کے طریقہ کار کے حوالے سے مختلف سوالات اٹھائے جا رہے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ مستحق خواتین اور بچوں کے لیے آنے والی غذائی اشیاء کی تقسیم میں مکمل شفافیت ہونی چاہیے اور ہر مستحق فرد تک اس کا حق پہنچنا چاہیے شہریوں کی جانب سے یہ شکایت بھی سامنے آئی ہے کہ مبینہ طور پر بعض غذائی اشیاء اصل مستحقین کے بجائے من پسند افراد تک پہنچنے کے خدشات موجود ہیں جس کی باقاعدہ اور غیر جانبدارانہ تحقیقات ضروری ہیں شہریوں نے کہا کہ کسی بھی سرکاری ادارے یا سرکاری اسپتال میں مستحق افراد کے لیے مختص سہولیات کی تقسیم کا عمل مکمل ریکارڈ اور مقررہ طریقہ کار کے مطابق ہونا چاہیے تاکہ کسی بھی قسم کی بدعنوانی، بے ضابطگی یا حق تلفی کی گنجائش باقی نہ رہے ان کا کہنا تھا کہ محض شکایات کی بنیاد پر کسی فرد یا افسر کو ذمہ دار قرار دینا مناسب نہیں، تاہم شکایات کی حقیقت جاننے کے لیے باقاعدہ تحقیقات ضرور ہونی چاہئیں شہریوں نے اعلیٰ حکام محکمہ صحت کے متعلقہ افسران اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کندھ کوٹ سرکاری اسپتال کے نیوٹریشن وارڈ کا مکمل ریکارڈ چیک کیا جائے جس میں غذائی اشیاء کی وصولی اسٹاک رجسٹر مستحق افراد کی فہرست تقسیم کا ریکارڈ اور دیگر متعلقہ دستاویزات شامل ہوں، تاکہ اصل صورتحال واضح ہو سکے شہریوں کا مزید کہنا ہے کہ اگر تحقیقات کے دوران شکایات درست ثابت ہوتی ہیں تو اصل حقدار خواتین اور بچوں کو ان کی مقررہ سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ مبینہ بے ضابطگیوں کے ذمہ دار افراد کے خلاف قانون اور محکمانہ ضابطوں کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے مقامی شہریوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ نیوٹریشن وارڈ جیسی سہولتیں بالخصوص ان ماؤں اور بچوں کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہیں جو غذائی قلت اور دیگر مشکلات کا سامنا کر رہے ہوتے ہیں۔ ایسے پروگراموں کے تحت آنے والی غذائی اشیاء کسی بھی صورت غیر مستحق افراد تک نہیں پہنچنی چاہئیں بلکہ ان کی منصفانہ اور شفاف تقسیم کو یقینی بنایا جانا چاہیے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام معاملے کا فوری نوٹس لے کر موقع پر انکوائری ٹیم بھیجیں اور حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں تاکہ اگر کوئی شکایت بے بنیاد ہے تو وہ بھی واضح ہو جائے اور اگر کسی قسم کی بے ضابطگی سامنے آتی ہے تو اس کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جا سکے شہریوں نے امید ظاہر کی ہے کہ متعلقہ حکام معاملے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے نیوٹریشن وارڈ کی کارکردگی اور مستحق خواتین و بچوں کو فراہم کی جانے والی غذائی سہولیات کے نظام کو مزید شفاف مؤثر اور قابلِ اعتماد بنانے کے لیے عملی اقدامات کریں گے

بقیہ 25

خوا میں دہشت گردی عروج پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن منجھے ہوئے سیاستدان ہیں، ان کی ہر بات میں وزن ہوتا ہے، ان سے بھی مذاکرات کیے جائیں۔ کیپٹن (ر) محمد صفدر نے کہا کہ صوبہ ہزارہ ہمارا مطالبہ ہے جس کے لیے بڑی قربانیاں دیں، پی ٹی آئی کے لانگ مارچ سے صوبے کے عوام کو ہی تکلیف ہو رہی ہے۔

بقیہ 26

ملنے پر شہری نے ڈی آئی جی آپریشنز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی مدد سے میرے پیسے مل گئے، بقایا رقم کیلئے بھی پرامید ہوں شہری کی مدد پر ڈی آئی جی آپریشنز نے ایس ایچ او شالیمار کو شاباش دی۔

بقیہ 27

جسم کے دیگر حصوں پر شدید چوٹیں آئی تھیں۔ انکی باہمت ماں نے بیٹے کا علاج انتہائی مشکل حالات میں کروایا جبکہ باہمت ذہین بیٹے نے اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے او لیول اور اے لیول میں اے گریڈ حاصل کرنے کے ساتھ روٹین کی تعلیم بھی جاری رکھی ہوئی ہے جبکہ اپنے اخراجات پورے کرنے کے ساتھ اپنی ماں کا ہاتھ بٹانے کیلئے آن لائن ٹیوشن سنٹر بھی شروع کر دی ہے۔ وہ آئی ای ایل ٹی ایس اکیڈمک تیاری کے ساتھ ساتھ سال گروپ کلاسز، انفرادی کلاسز فزکس، کیمسٹری، بیالوجی سمیت دیگر مضامین پڑھائیں گے۔ انکے خوبصورت دوستانہ انداز اور ذہانت سے نوجوان طلبہ و طالبات بہت تیزی سے انہیں جوائن کر رہے ہیں۔ اس طرح انتہائی معمولی چارجز کے ساتھ آن لائن ٹیوشن سے پڑھائی اور گھر کے اخراجات سمیت یوٹیلیٹی بلز بھی پورے ہونگے۔ والدین اور طلبہ رابطہ کیلئے فون نمبر 03315187709 اور 03355204046 پر کال کر سکتے ہیں۔

بقیہ 28

سے متعلق پی ٹی آئی سے کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے مذاکرات سے متعلق کوئی اجلاس نہیں بلایا۔ بیرسٹر گوہر چارسدہ میں ہیں، پارٹی کی مرکزی قیادت لانگ مارچ میں شریک ہے۔ اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ سلمان اکرم راجہ سے بات ہوئی، مذاکرات سے متعلق مولانا یا حکومت کی طرف سے کوئی پیغام نہ بھیجا گیا نہ ملا۔ ترجمان اپوزیشن اتحاد نے کہا کہ مذاکرات کا مکمل اختیار محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کے پاس ہے۔ پی ٹی آئی رہنما جنید اکبر نے کہا کہ پی ٹی آئی نے مذاکرات سے متعلق کوئی زوم اجلاس نہیں بلایا نہ مجھے علم ہے۔

بقیہ 29

امور پر تبادلہ خیال کرتے ہیں۔ تقریب میں ماہرین تعلیم، دانشوروں اور متعلقہ شعبوں کے اہل دانش نے شرکت کی۔ کیس لاہور کی ریسرچ اسسٹنٹ محترمہ فائزہ عابد نے افتتاحی کلمات پیش کیے۔ لمز اسکول آف ایجوکیشن کی اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر صوفیہ انیس صدیقی نے پاکستان کے تعلیمی بحران کا جائزہ لیتے ہوئے بتایا کہ ملک میں اسکول سے باہر بچوں کی تعداد ۲۵ سے ۲۶ ملین ہے، ہیومن کیپٹل انڈیکس صفر اعشاریہ چار ہے، اور تعلیم پر جی ڈی پی کا صرف صفر اعشاریہ آٹھ فیصد خرچ کیا جاتا ہے، جبکہ سیکھنے کے عمل میں بھی گہری کمزوریاں پائی جاتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مسئلہ صرف رسائی اور تعلیمی نتائج تک محدود نہیں، بلکہ اس بات سے بھی جڑا ہے کہ خود تعلیم کو کس طرح سمجھا جاتا ہے۔ انہوں نے انسانی سرمایہ کے تصور پر محدود فوکس اور اس کے محدود سماجی مقصد پر سوال اٹھایا۔ انہوں نے اساتذہ اور فنی و پیشہ ورانہ راستوں کی ناقدری کی نشاندہی کی، نیز ابلاغ، موافقت پذیری اور ڈیجیٹل مہارتوں کی کمی کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے تعلیم کا ایک وسیع تر تصور اپنانے پر زور دیا جو پاکستان کی آبادیاتی ساخت اور اس کی سماجی، معاشی اور تکنیکی ضروریات سے ہم آہنگ ہو۔ چیف ایگزیکٹو ایڈوائزر سکول ایجوکیشن اینڈ لیٹریسی ڈیپارٹمنٹ، حکومت سندھ ڈاکٹر فوزیہ خان نے پاکستان کی طویل المدتی انسانی سرمایہ سازی میں مؤثر تعلیمی نظم و نسق کے مرکزی کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے انسانی سرمایہ کی ترقی کو تعلیم کے ایک مسلسل سلسلے سے تعبیر کیا جو چار باہم مربوط مراحل پر مشتمل ہے جس میں داخلہ، تسلسل، پیش رفت اور سیکھنا شامل ہیں۔ ڈاکٹر خان نے ایسے طرز عمل پر زور دیا جس کی بنیاد مؤثر منصوبہ بندی، اعداد و شمار پر مبنی فیصلہ سازی، اساتذہ کے پیشہ ورانہ انتظام، مناسب وسائل اور کمیونٹی کی بامعنی شمولیت پر ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ اصلاحاتی اقدامات کو پائیدار حکومتی ڈھانچوں، شواہد پر مبنی نفاذ اور مربوط شراکت داریوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ضروری ہے، تاکہ بچوں کو وہ علم حاصل کرنے کے زیادہ مواقع میسر آئیں جو پاکستان کی ترقی میں حصہ ڈالنے کے لیے درکار ہے۔ اختتامی کلمات میں کیس لاہور کے صدر ایئر مارشل عاصم سلیمان (ریٹائرڈ) نے تعلیم کو پاکستان کے انسانی سرمایہ، سماجی ترقی اور معاشی مستقبل کی بنیاد قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی نظام کی ترقی کا انحصار محض رسائی بڑھانے پر نہیں، بلکہ سیکھنے کے معیار کو بہتر بنانے اور اس عمل کو انجام دینے والے اداروں کو مضبوط کرنے پر بھی ہے۔ انہوں نے بالخصوص صنف، جغرافیے اور آمدنی کی بنیاد پر رسائی اور نتائج میں پائی جانے والی دیرینہ عدم مساوات کو دور کرنے کی ضرورت پر زور دیا، اور تعلیم کو مہارتوں، روزگار، سماجی تحفظ اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے ساتھ جوڑنے کی بات کی۔ مستقبل کے لیے انہوں نے تعلیمی نتائج کی بہتری، تعلیمی سرمایہ کاری کو نتائج میں ڈھالنے، اور تعلیم کو ایک وسیع تر طویل المدتی انسانی سرمایہ حکمت عملی سے ہم آہنگ کرنے پر مبنی تین ترجیحات پیش کیں جس کی پشت پر پالیسی کا تسلسل اور اداروں کا مستقل عزم ہو۔ تقریب کا اختتام ایک جاندار سوال و جواب کی نشست پر ہوا، جس میں اساتذہ کی تربیت، ہوم اسکولنگ، تعلیمی معیار، اور پاکستان کے تعلیمی چیلنجز سے جڑے ڈھانچہ جاتی اور مالی مسائل پر گفتگو ہوئی۔ شرکاء نے ایک دلچسپ اور فکر انگیز مباحثے کے انعقاد پر کیس لاہور کی کاوش کو سراہا۔

بقیہ 30

میں پاکستانی قوم کی ہمدردی، ایثار اور احساس کا جذبہ ناقابلِ فراموش ہے۔ انہوں نے کہا کہ زلزلے اور سیلاب کے دوران عوام کا اتحاد، یکجہتی، ثابت قدمی اور حوصلہ مندی قابلِ فخر قومی کردار ہے، ہر ریسکیو اور ریلیف آپریشن میں پاک فوج، پاک بحریہ، پاک فضائیہ، ریسکیو 1122، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے تمام اداروں کو ہر وقت تیار رہنا چاہیے، کیونکہ بروقت تیاری کے ذریعے انسانی جان و مال اور ماحول کو قدرتی آفات کے تباہ کن اثرات سے بچایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث آنے والے سیلاب، زلزلوں اور سموگ سے نمٹنے کے لیے مؤثر پالیسی اور پائیدار اقدامات ناگزیر ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے مطابق پنجاب نے تاریخ کے سب سے بڑے سیلاب کا سامنا کیا اور سب سے بڑا ریسکیو، ریلیف اور انخلا آپریشن کیا، پنجاب کو لاکھوں انسانی جانوں کے ساتھ ساتھ لاکھوں مویشیوں کو بھی بچانے کا اعزاز حاصل ہوا۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ عوام کو سیلاب، زلزلے اور دیگر قدرتی آفات سے محفوظ رکھنے کے لیے حکومت پنجاب کے تمام ادارے ہمہ وقت متحرک اور سرگرم عمل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قدرتی آفات کے دوران جانی و مالی نقصان سے بچاؤ کے لیے پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا گیا ہے۔

بقیہ 31

سمیت ملک بھر کے صارفین سے اضافہ اکتوبر کے بلوں میں وصول ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اگست کی فیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 19 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل ہوگا۔ لائف لائن صارفین پر اس اضافے کا اطلاق نہیں ہوگا۔

بقیہ 32

کارروائی غیر قانونی قرار دے دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس مزمل اختر شبیر اور جسٹس سید احسن رضا کاظمی نے عطا اللہ سمیت 10 دیگر تاجروں کی کسٹمز کارروائی کے خلاف درخواست پر فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ مالک کی عدم موجودگی میں دکانوں کے تالے توڑ کر سامان ضبط کرنا قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے، قانونی کارروائی کے بغیر تالے توڑ کر سامان اٹھانا کسٹمز حکام کا اختیار نہیں۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ایف بی آر کے ایس او پیز کی خلاف ورزی پر کسٹمز کی کارروائی بلا جواز اور غیر قانونی ہے جبکہ رات گئے گوداموں اور دکانوں پر چھاپے قانونی ضوابط کے منافی ہیں۔ عدالت کے مطابق رات میں چھاپے کے لیے چیف کلیکٹر یا ڈائریکٹر جنرل کی پیشگی اجازت ضروری ہے، کسٹمز ایکٹ کی دفعہ 163 اور ضابطہ فوجداری کی دفعہ 103 کی خلاف ورزی پر کی گئی کارروائی بھی کالعدم قرار دی جائے گی۔ فیصلے میں مزید کہا گیا کہ مالک اور آزاد گواہان کی موجودگی کے بغیر تیار کی گئی ضبطگی فہرست کی کوئی قانونی حیثیت نہیں، تاجروں کو قانونی دستاویزات پیش کرنے کا موقع دیے بغیر کارروائی کرنا بھی غیر قانونی ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ قانون کے مقررہ طریقہ کار سے ہٹ کر کسٹمز کی ہر کارروائی غیر قانونی تصور ہوگی اور تاجروں کی دکانوں سے کسٹمز کی جانب سے کی گئی ضبطگی بھی کالعدم قرار دے دی۔

بقیہ 33

باؤنڈری کے قریب نیو کٹ پہ کے مقام پر مسلح افراد نے پولیس پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایس ایچ او تھانہ بانڈہ داؤد شاہ داؤد خان اور ان کا گن مین فرہاد شہید ہو گئے جبکہ ایک راہ گیر بھی زخمی ہوا۔ ڈی پی او نے بتایا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

بقیہ 34

ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق سرمایہ کاری کے اعداد و شمار کے مطابق متحدہ عرب امارات نے پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز میں 110 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی، جبکہ بحرین کی جانب سے پاکستانی بانڈز میں 10 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ستمبر کے دوران فکسڈ ریٹ پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز پر شرح منافع تقریباً 12.4 سے 12.5 فیصد رہی، جس کے دوران خلیجی ممالک کے سرمایہ کاروں کی جانب سے پاکستانی بانڈز میں سرمایہ کاری کا سلسلہ جاری رہا۔ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز میں مجموعی غیر ملکی سرمایہ کاری 203.7 ملین ڈالر ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق غیر یقینی علاقائی صورتحال کے باوجود پاکستان خلیجی سرمایہ کاروں کے لیے زیادہ منافع فراہم کرنے والی متبادل مارکیٹ بن گیا ہے، جہاں پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز میں سرمایہ کاری کی دلچسپی برقرار ہے۔ رپورٹ کے مطابق خلیجی سرمایہ کاری میں اضافے سے پاکستان کے لیے غیر ملکی سرمائے کے نئے ذرائع پیدا ہونے اور مالیاتی استحکام کے امکانات بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ 35

ڈی ایچ کیو اسپتال میں بچوں کی نرسری میں مبینہ شارٹ سرکٹ ہوا، بچوں کی نرسری میں دھواں ہی دھواں پھیل گیا، بچوں کی نرسری بیسمنٹ میں ہونے کے باعث اسٹاف کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ایم ایس ڈاکٹر اکرام اللہ نیازی نے کہا کہ شارٹ سرکٹ تھا قابو پا لیا گیا ہے، کوئی بچہ یا عملے کا کوئی فرد متاثر نہیں ہوا، ریسکیو 1122 موقع پر پہنچ گئی۔

بقیہ 36

نے تاجروں اور عام شہریوں کی سہولت کے لیے اہم فیصلوں اور ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ 3 دن میں این او سی کا فیصلہ کرنا لازمی ہوگا اور کسی بھی سرکاری دفتر میں این او سی کے لیے آنے والی درخواستوں پر تین دن کے اندر حتمی فیصلہ کرنا لازمی ہوگا۔ کاروبار اور بلڈنگ سیل کرنے سے قبل کسی بھی شکایت کی صورت میں، پیشگی اجازت کے بغیر کوئی بھی کاروبار یا بلڈنگ سیل نہیں کی جائے گی۔ خلاف ورزی پر پہلے باقاعدہ نوٹسز اور وارننگز دی جائیں۔ *افسران اپنی مرضی سے بازاروں کا رخ نہیں کر سکیں گے؛ کسی بھی کارروائی یا انسپکشن کے شیڈول کی پیشگی منظوری ڈپٹی کمشنر آفس سے لینا لازمی ہوگی۔ پیرا کو تجاوزات اور ریونیو معاملات ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ افسران کو سختی سے پابند کیا گیا ہے کہ وہ شہریوں سے شائستگی سے پیش آئیں اور کسی کی دل آزاری نہ ہو۔ تمام سرکاری محکمے شہریوں اور کاروباری حضرات کی رہنمائی کے لیے خصوصی سہولت سنٹرز قائم کریں گے جہاں تمام معلومات ایک ہی چھت تلے مل سکیں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو فیلڈ میں نکل کر تاجر تنظیموں اور کاروباری افراد سے خود ملاقاتیں کرنے کا حکم دیا اور بتایا کہ وہ خود بھی ان دوروں کا آغاز کر رہے ہیں۔ تمام محکموں کو ان احکامات پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے، جس کی کارکردگی کا جائزہ اگلے ہفتے ہونے والے اجلاس میں لیا جائے گا

بقیہ 37

لیا۔ ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 693/26 مورخہ 30-09-2026 تھانہ FIA AHTC راولپنڈی میں درج ہے۔ ملزم پر الزام ہے کہ اس نے مدعی کی بیٹی کو اٹلی کا ورک ویزا فراہم کرنے کا جھانسہ دے کر 27 لاکھ 50 ہزار روپے وصول کیے، تاہم بعدازاں نہ ویزا فراہم کیا اور نہ ہی رقم واپس کی، جس سے مدعی کو مالی نقصان پہنچا۔ گرفتاری تفتیشی افسر سب انسپکٹر ظفر اقبال کی سربراہی میں عمل میں لائی گئی، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 38

سہولیات فراہم کرنا ہے۔ معاہدے کے تحت یونین کے ممبران کے بچوں کو تعلیمی سہولیات میں خصوصی رعایت اور دیگر ممکنہ سہولیات فراہم کی جائیں گی، تاکہ صحافی برادری کے بچوں کو معیاری تعلیم کے بہتر مواقع میسر آ سکیں۔ اس موقع پر اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے صدر فیاض تنولی، جنرل سیکرٹری سردار سجاد طارق، جوائنٹ سیکرٹری راشد عباسی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری سلمہ ملک، ڈپٹی جنرل سیکرٹری عارف اللہ، سیکرٹری فنانس شیر دل خان، کوآرڈینیٹر محمد سلیم، نائب صدر فائزہ یونس، آفس سیکرٹری و کیمرہ مین فاروق خان سمیت دیگر عہدیداران اور ممبران موجود تھے۔ آئی آئی یو آئی اسلام آباد سکول بھارہ کہو کیمپس کی جانب سے ڈائریکٹر عقیل عارف، کیمپس ہیڈ فیضان یاسین، پرنسپل سعدیہ اکمل اور ٹرانسپورٹ انچارج وسیم عباسی سمیت دیگر ذمہ داران اور نمائندگان نے شرکت کی۔ اس موقع پر اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے عہدیداران نے کہا کہ صحافیوں اور ان کے اہلِ خانہ کی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ ان کے بچوں کے روشن مستقبل کے لیے تعلیمی سہولیات کی فراہمی بھی یونین کی ترجیحات میں شامل ہے۔ آئی آئی یو آئی اسلام آباد سکول بھارہ کہو کیمپس کے ساتھ مفاہمتی تعاون صحافی برادری کے بچوں کے لیے بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ چیئرمین اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس شاہنواز خان نے آئی آئی یو آئی اسلام آباد سکول بھارہ کہو کیمپس کی انتظامیہ، بالخصوص ڈائریکٹر عقیل عارف، کیمپس ہیڈ فیضان یاسین، پرنسپل سعدیہ اکمل اور ٹرانسپورٹ انچارج وسیم عباسی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ صحافی برادری اور ان کے اہلِ خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے تعلیمی میدان میں ایسے اقدامات انتہائی اہم ہیں۔ چیئرمین شاہنواز خان نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی صحافیوں اور ان کے اہلِ خانہ، خصوصاً بچوں کی تعلیم اور روشن مستقبل کے حوالے سے ایسے مفید اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 39

سے متعلق تھا، جن کی ملازمت 5 سال، 10 ماہ اور 8 دن رہی۔ انہیں 2015 میں 48 ہزار روپے کی اولڈ ایج گرانٹ منظور ہوئی تھی، بعد میں وفاقی محتسب نے پنشن دینے کا حکم دیا۔ عدالت کے مطابق پنشن کے لیے عمومی طور پر کم از کم 15 سال کی شراکت درکار ہے۔

بقیہ 40

مطابق دونوں لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ابتدائی معلومات کے مطابق واقعہ رشتے کے تنازع پر پیش آیا، مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 41

انسٹی ٹیوٹ آف کامرس اینڈ مینجمنٹ، یونیورسٹی آف سندھ، جامشورو میں منعقد کیا گیا۔ سیشن میں تقریباً 120 طلبہ، فیکلٹی ممبران اور نوجوانوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ سیشن میں پاکستان میں ذیابیطس، امراضِ قلب، موٹاپے اور دیگر غیر متعدی امراض (NCDs) کے بڑھتے ہوئے بوجھ پر توجہ مرکوز کی گئی۔ یونیورسٹی آف سندھ کے شعبہ کامرس اینڈ مینجمنٹ کے پروفیسر محمد حفیظ ابڑو نے پناہ کی مسلسل عوامی صحت کی وکالت کو سراہا اور پناہ کے جنرل سیکریٹری اور ڈائریکٹر آپریشنز، صدارتی تمغہ برائے حسنِ کارکردگی کے حامل جناب ثناء اللہ گھمن کی مسلسل کاوشوں کو سراہا، بالخصوص پارلیمنٹ اور پالیسی سازی کے اداروں کے ساتھ ان کی شمولیت کو، جو غیر متعدی امراض کی روک تھام اور صحت مند غذائی پالیسیوں کے فروغ کے لیے شواہد پر مبنی اقدامات کی حمایت میں ہے۔ PANAH کے جنرل سیکریٹری جناب ثناء اللہ گھمن نے کہا کہ ذیابیطس، امراضِ قلب، موٹاپے اور دیگر غیر متعدی امراض میں مسلسل اضافہ عوامی آگاہی کے ساتھ ساتھ مؤثر پالیسی اقدامات کا بھی تقاضا کرتا ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ غیر صحت بخش اور الٹرا پروسیسڈ مصنوعات کا کثرت سے استعمال صحت کے لیے نقصان دہ نتائج کا باعث بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز صارفین کو اس وقت سادہ اور نمایاں انداز میں خبردار کر سکتے ہیں جب پیک شدہ غذائی مصنوعات میں صحت کے لیے تشویش کا باعث بننے والے اجزا مقررہ حد سے زیادہ موجود ہوں۔ اس طرح کے لیبلز بالخصوص نوجوانوں کو خریداری کے وقت مصنوعات کے بارے میں بہتر طور پر سمجھنے اور صحت مند انتخاب کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ جناب ثناء اللہ گھمن نے اس بات پر زور دیا کہ آگاہی اور پالیسی اقدامات کو ساتھ ساتھ آگے بڑھنا چاہیے اور طلبہ پر زور دیا کہ وہ باخبر صحت کے سفیر بنیں اور صحت مند غذائی ماحول کے فروغ اور غیر متعدی امراض کی روک تھام کے لیے شواہد پر مبنی پالیسیوں کی حمایت میں فعال کردار ادا کریں۔ انسٹی ٹیوٹ آف کامرس اینڈ مینجمنٹ، یونیورسٹی آف سندھ کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر حکیم علی مہیسر نے پناہ، مقررین، فیکلٹی ممبران، منتظمین اور طلبہ کا شرکت پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے PANAH کی عوامی صحت سے متعلق آگاہی کی کوششوں کی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی مستقبل میں بھی طلبہ کی مزید بھرپور شرکت کے ساتھ ایسے آگاہی سیشنز کا خیرمقدم کرے گی۔ انہوں نے صحت سے متعلق آگاہی اور نوجوانوں کی شمولیت کے فروغ کے لیے انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے PANAH کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ سیشن کے کامیاب انعقاد میں اہم کردار ادا کرنے پر PANAH یوتھ کلب کیبنٹ کے فوکل پرسن پروفیسر محمد حفیظ ابڑو، PANAH یوتھ کلب کی سفیر جاذبہ قائم خانی، اور یونیورسٹی آف سندھ، جامشورو کے PANAH یوتھ کلب کے اراکین کی خصوصی طور پر پذیرائی کی گئی۔ یونیورسٹی آف سندھ میں منعقدہ یہ سیشن PANAH کی بڑھتی ہوئی یونیورسٹی پر مبنی نوجوان آگاہی مہم کا حصہ ہے، جس کا مقصد ایسی باشعور اور فعال نسل کی تشکیل ہے جو غیر متعدی امراض کی روک تھام اور صحت مند معاشرے کے فروغ میں اپنا مؤثر کردار ادا کر سکے۔ پناہ اسکاؤٹس کو پاکستان بھر کی یونیورسٹیوں تک وسعت دینے اور طلبہ، فیکلٹی اور نوجوانوں کے نمائندوں کے ساتھ مل کر صحت مند غذائی ماحول کے فروغ اور آنے والی نسلوں کو غیر متعدی امراض کے بڑھتے ہوئے بوجھ سے محفوظ رکھنے کے لیے اپنا کردار جاری رکھنے کے لیے پُرعزم ہے۔

بقیہ 42

میں تعاون کے مزید مواقع تلاش کرنے پر ہے۔ پاکستان، بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے اختتام پر بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ اجلاس انتہائی دوستانہ اور تعمیری ماحول میں منعقد ہوا جس میں پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ دوستی، برادرانہ تعلقات اور باہمی اعتماد کی عکاسی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 50 ویں سالگرہ ہے اور اس موقع پر دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے بتایا کہ مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کا پروٹوکول طے پا گیا ہے جو باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط اور وسعت دینے کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس کا اہم نتیجہ متعدد مشترکہ ورکنگ گروپس کو فعال بنانا ہے، جو باقاعدہ رابطے اور مشترکہ وزارتی کمیشن کے فیصلوں پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے میں مدد دیں گے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ممالک نے تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی تعاون، زراعت و غذائی تحفظ، ہنرمندی کی ترقی، اعلیٰ تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، لاجسٹکس اور بحری امور سمیت متعدد شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان قریبی روابط کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس شعبے میں مزید تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے بحرین میں پاکستانی کمیونٹی کی قابل قدر خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستانی برادری دونوں برادر ممالک کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار ادا کر رہی ہے، لیبر موبلیٹی، پیشہ ورانہ تربیت اور انسانی وسائل کی ترقی کے شعبوں میں تعاون مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے تاکہ ہنرمند پاکستانی پیشہ ور افراد اور کارکنوں کے لیے نئے مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ اجلاس میں خلیج کی بدلتی ہوئی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور مسلسل کشیدگی میں کمی، مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز اور باب المندب کے ذریعے محفوظ اور آزادانہ آمدورفت یقینی بنانا ضروری ہے کیونکہ ان آبی راستوں کی علاقائی اور عالمی غذائی و توانائی سلامتی کے حوالے سے اہمیت ہے۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کے لیے سفارتی کوششوں کی حمایت میں تعمیری کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے فلسطین کی سنگین صورتحال پر بھی بات چیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے فلسطینی عوام اور ان کے ناقابل تنسیخ حقوق کے لیے اپنی اصولی حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی بستیوں کی مسلسل توسیع اور القدس الشریف کی حیثیت تبدیل کرنے کی کوششوں پر تشویش کا اظہار کیا گیا جبکہ غزہ کے عوام تک بلا رکاوٹ انسانی امداد کی فوری فراہمی کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے متعلقہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق منصفانہ اور دیرپا حل کے لیے اپنی حمایت کا بھی اعادہ کیا۔ انہوں نے جنوبی ایشیا کی صورتحال، افغانستان اور سندھ طاس معاہدے سمیت مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کا ذکر کیا۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان نے اس امر کی ضرورت پر زور دیا کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہو۔ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے نائب وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کی جانب سے معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنا بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی اور مشترکہ آبی وسائل کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی خطرناک کوشش ہے، ایسا اقدام پاکستان کے 25 کروڑ عوام کی پانی، غذائی اور توانائی کی سلامتی کو خطرے میں ڈالتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے بحرین کے وزیر خارجہ اور ان کے وفد کا مشترکہ وزارتی کمیشن کے اجلاس کی کامیابی میں تعمیری شرکت اور قیمتی کردار پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان چوتھے مشترکہ وزارتی کمیشن کے اجلاس کی میزبانی بحرین میں ہونے کا منتظر ہے اور اس حوالے سے یہ عزم کیا گیا ہے کہ آئندہ اجلاس موجودہ اجلاس کی طرح پانچ سال کے وقفے کے بعد نہیں بلکہ 2027 میں 365 دن کے اندر منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بحرین کی دوستی مضبوط اور مستقبل پر مرکوز ہے، دونوں برادر ممالک بین الاقوامی فورمز پر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرتے ہیں اور جہاں بھی موقع ملتا ہے باہمی رابطے جاری رکھتے ہیں۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ دونوں ممالک مشترکہ طور پر مزید خوشحال مستقبل کی تعمیر اور تجارت و اقتصادی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے لیے پرعزم ہیں۔ اس موقع پر بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے کہا کہ پاکستان اور بحرین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 55 سال مکمل ہونے جا رہے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات، اعتماد اور یکجہتی کو حالیہ اعلیٰ سطح کے دوروں سے مزید تقویت ملی ہے۔ انہوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے نومبر 2025 اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے جنوری 2026 میں بحرین کے دوروں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات میں نئی رفتار پیدا ہوئی ہے۔ بحرینی وزیر خارجہ نے اسلام آباد میں کنگ حمد یونیورسٹی فار نرسنگ اینڈ الائیڈ میڈیکل سائنسز اور بحرین میں ایک لاکھ 40 ہزار سے زائد پاکستانیوں کی خدمات کو دونوں ممالک کے درمیان مضبوط روابط کی مثال قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک نے مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے متفقہ منٹس پر دستخط کیے ہیں جس میں 15 سے زائد شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تجارت اور سرمایہ کاری کے حوالے سے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے، آئندہ ماہ تیل، گیس اور معدنیات سے متعلق توانائی کے مشترکہ ورکنگ گروپ کا اجلاس منعقد کرنے اور غذائی تحفظ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، قانون نافذ کرنے والے اداروں، میڈیا، لیبر موبلیٹی، صحت، تعلیم، ثقافت اور کھیل سمیت مختلف شعبوں میں تعاون آگے بڑھانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ بحرینی وزیر خارجہ نے کہا کہ دونوں ممالک نے جی سی سی اور پاکستان کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے کے عزم کا بھی اظہار کیا ہے اور آئندہ سال 2027 میں بحرین میں ہونے والے چوتھے مشترکہ وزارتی کمیشن کے اجلاس میں اس حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے جاری علاقائی بحران کے دوران پاکستان کے اصولی مؤقف کو سراہتے ہوئے سلامتی کونسل کی قرارداد 2817 کے لیے پاکستان کی حمایت اور دیگر شراکت داروں کے ساتھ مل کر امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات اور کشیدگی میں کمی کے لیے پاکستان کی کوششوں، بشمول اسلام آباد مذاکرات کی میزبانی، کو سراہا۔ بحرینی وزیر خارجہ نے 6 اور 7 اکتوبر کو ابہا انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ان حملوں میں شہری اور مقامی افراد جاں بحق اور زخمی ہوئے۔ انہوں نے سعودی عرب میں حوثی ملیشیا کی جانب سے شہریوں اور شہری تنصیبات پر حملوں اور مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ جیسے مقدس ترین مقامات پر حملوں کی بھی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ ہوائی اڈوں اور شہری تنصیبات کو نشانہ بنانا بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی انسانی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ بحرینی وزیر خارجہ نے آبنائے ہرمز اور باب المندب میں تجارتی بحری جہازوں کو درپیش حملوں کا ذکر کرتے ہوئے آزادانہ اور محفوظ بحری آمدورفت اور بین الاقوامی قانون کے احترام کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سلامتی کونسل کے غیر مستقل ارکان کی حیثیت سے پاکستان اور بحرین نیویارک میں اپنی مستقل مشنز کے درمیان قریبی رابطہ کاری جاری رکھیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ اپنے دورہ پاکستان کے دوران صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور چیف آف ڈیفنس فورسز و چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کریں گے اور بحرین کی قیادت کی جانب سے تہنیتی پیغامات پہنچانے کے علاوہ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کریں گے۔ بحرینی وزیر خارجہ نے کہا کہ ان کا دورہ پاکستان دونوں ممالک کے تعلقات کی اسٹریٹجک نوعیت کی توثیق کرتا ہے اور دونوں ممالک آج کے اجلاس کے نتائج کو آگے بڑھانے، اپنے ممالک، خطے اور اس سے باہر امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے مل کر کام کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ دونوں ممالک بین الاقوامی فورمز پر ایک دوسرے کے ساتھ رابطے میں رہتے، مشاورت کرتے اور اپنے خیالات و امور کا تبادلہ کرتے ہیں۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ بحرین کے وزیر خارجہ نے 2025 کی پاک بھارت جنگ اور پاکستان کی جانب سے امریکا اور ایران کے درمیان ثالثی کے دوران مسلسل رابطہ رکھا، پیش رفت کے بارے میں دریافت کیا اور اپنے خیالات کا اظہار کیا، جس پر وہ ان کے شکرگزار ہیں۔ ایک سوال پر ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے کہا کہ پاکستان اور بحرین کے درمیان تعلقات انتہائی واضح اور مخلصانہ نوعیت کے ہیں، دونوں ممالک ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں اور یہی دو ریاستوں کے درمیان تعلقات کی بنیادی خصوصیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بحرین میں ایک لاکھ 40 ہزار سے زائد پاکستانی مقیم ہیں جو بحرینی شہریوں کے ساتھ مل کر ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں اور بحرین ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ بحرینی وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان اور بحرین کے تعلقات مسلسل مضبوط اور مستحکم ہوئے ہیں، اب دونوں ممالک کی توجہ اپنے مضبوط تعلقات کو مزید عملی نتائج میں تبدیل کرنے اور مستقبل میں تعاون کے مزید مواقع تلاش کرنے پر ہے۔

بقیہ 43

خان کو اجلاس میں مانسہرہ، ناران، جھالکنڈ، چلاس شاہراہ کے مختلف امور اور منصوبے پر پیشرفت کے حوالے سے تفصیلی پریزینٹیشن دی گئی۔ عبدالعلیم خان نے ہدایت کی کہ اس منصوبے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر قابل عمل اور جامع رپورٹ تیار کی جائے تاکہ اس اہم شاہراہ کو جدید تقاضوں کے مطابق بنایا جا سکے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے خصوصی اجلاس میں اہم شاہراہوں کی تعمیر سمیت ادارے کے اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ گورونانک ایکسپریس وے کے منصوبے کو انٹرنیشنل ٹینڈرنگ کے مرحلے میں لے جانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ گورونانک ایکسپریس وے سکھ کمیونٹی کے لئے مذہبی، تاریخی اور روحانی اعتبار سے خصوصی اہمیت کا حامل منصوبہ ہوگا، اس لئے اس کی تعمیر میں عالمی معیار کو ملحوظ خاطر رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گورونانک ایکسپریس وے کے لئے عالمی سرمایہ کاری لائی جائے گی اور برطانیہ، کینیڈا اور امریکہ میں مقیم سکھ برادری کو اس منصوبے پر سرمایہ کاری کی دعوت دیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ منصوبے کو جدید انفراسٹرکچر، بین الاقوامی معیار اور سرمایہ کاری کے بہترین مواقع سے ہم آہنگ کیا جائے گا۔ اجلاس میں راولپنڈی سے پشاور تک جی ٹی روڈ کے مختلف حصوں پر جاری تعمیراتی و ترقیاتی کاموں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے این ایچ اے حکام کو ملتان، مظفرگڑھ، میانوالی شاہراہ کا تعمیراتی کام آئندہ دو ماہ میں مکمل کرنے کا ٹاسک دیا۔ عبدالعلیم خان نے ہدایت کی کہ این ایچ اے جاری منصوبوں کو کم سے کم وقت میں مکمل کرے اور تمام منصوبوں کی ڈیڈ لائن پر تکمیل یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شاہراہوں پر شہریوں کی حفاظت سے بڑھ کر کوئی ترجیح نہیں ہو سکتی۔ وفاقی وزیر مواصلات نے این ایچ اے حکام کو تمام نئی اور زیر تعمیر شاہراہوں پر سیفٹی فیچرز 100 فیصد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ روڈ سیفٹی پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا جبکہ پنڈی بھٹیاں، فیصل آباد موٹروے ایم 4- کی توسیع کے منصوبے میں حفاظتی جنگلے کی تعمیر کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے مزید ہدایت کی کہ نئی شاہراہوں کے دونوں اطراف مسافروں کی سہولت کے لئے ریسٹ ایریاز اور واش رومز تعمیر کیے جائیں جبکہ نئے مکمل ہونے والے منصوبوں کو ہر لحاظ سے محفوظ، خوبصورت اور عوام دوست بنایا جائے۔ وفاقی وزیر مواصلات نے نئی شاہراہوں اور موٹرویز کی تعمیر میں گرین بیلٹس کو لازمی حصہ بنانے کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے این ایچ اے حکام کو ہدایت کی کہ شاہراہوں کے اطراف ہارٹیکلچر کو باقاعدہ منصوبوں کا حصہ بنایا جائے تاکہ جدید انفراسٹرکچر کے ساتھ ماحول دوست اور خوبصورت شاہراہیں یقینی بنائی جا سکیں۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ قومی شاہراہوں اور موٹرویز کی تعمیر و ترقی کا مقصد صرف سفری سہولیات میں اضافہ نہیں بلکہ محفوظ، خوبصورت اور پائیدار انفراسٹرکچر کی فراہمی بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ این ایچ اے تمام جاری منصوبوں کی رفتار مزید تیز کرے اور مقررہ مدت کے اندر ان کی تکمیل یقینی بنائے۔ اجلاس کو وفاقی سیکرٹری مواصلات، چیئرمین این ایچ اے اور کے پی کے اور پنجاب سے این ایچ اے کے سینئر افسران نے اہم امور پر بریفنگ بھی دی۔

بقیہ 44

بروقت جاری کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون کے لیے پوری طرح پرعزم ہے۔ ای ڈی جی/پی آئی او نے دورے کا خیرمقدم کیا اور میڈیا ادائیگیوں کے عمل کو رواں اور بروقت بنانے کے لیے پی آئی ڈی اور اے جی پی آر کے درمیان جاری باہمی تعاون کو سراہا۔ نثار احمد چیمہ نے میڈیا ہاؤسز کی ادائیگیوں کے جاری عمل کا جائزہ لینے اور ان کی تیز رفتار کارروائی کو آسان بنانے کے لیے پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (پی آئی ڈی) اسلام آباد کے ذیلی دفتر (ایس او سی) کا بھی دورہ کیا۔ دورے کے دوران نثار احمد چیمہ نے ایس او سی، پی آئی ڈی کے افسران اور اہلکاروں کی مؤثر ہم آہنگی اور مجاز اتھارٹی کی ہدایات کے مطابق میڈیا ہاؤسز کو ادائیگیوں کے عمل کو تیز کرنے میں ان کی غیر معمولی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے ایس او سی ٹیم کی ان کوششوں کا بھی اعتراف کیا جن کی بدولت ادائیگی کا عمل مؤثر طریقے سے اور مقررہ مدت کے اندر مکمل ہوا۔ انہوں نے میڈیا ادائیگیوں کی بروقت فراہمی کو آسان بنانے کے لیے تمام متعلقہ افسران اور عملے کے تعاون اور رابطہ کاری کی بھی تعریف کی۔ اس دورے سے ادائیگیوں کے عمل کی تازہ ترین صورتحال کا جائزہ لینے اور میڈیا کے بقایا جات کی بروقت ادائیگی کے لیے پی آئی ڈی اور اے جی پی آر کے مابین ادارہ جاتی ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانے کا موقع ملا۔

بقیہ 45

ذمہ داری کو آئین و قانون کے مطابق پوری دیانتداری، غیر جانبداری اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی جانب سے اعتماد کا اظہار باعثِ اعزاز ہے اور اس اعتماد پر پورا اترنے کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاؤں گا۔

بقیہ 46

فرنٹ ویل ڈرائیو کی قیمت 8 لاکھ روپے کی کمی سے 1 کروڑ 54 لاکھ 99 ہزار ہو گئی۔ کیا سورینٹو ہائبرڈ آل ویل ڈرائیو کی قیمت 24 لاکھ روپے کم ہو کر 1 کروڑ 54 لاکھ 99 ہزار روپے پر آ گئی۔ کیا سورینٹو پلگ ان ہائبرڈ آل ویل ڈرائیو کی قیمت 25 لاکھ روپے کم کر کے 1 کروڑ 64 لاکھ 99 ہزار روپے کی گئی ہے۔ کمپنی حکام کے مطابق دس سال میں ایک لاکھ گاڑیوں کا سنگ میل عبور کرنے پر پروموشنل قیمتوں کا اعلان کیا گیا۔ گاڑی کی ڈیلیوری کے وقت سرکاری ٹیکسز و ڈیوٹی میں تبدیلی کو قیمت میں ایڈجسٹ کیا جائے گا۔

بقیہ 47

درمیان موجود رہیں گے اور لانگ مارچ کے اگلے مرحلے کی قیادت کریں گے، لانگ مارچ اب 11 اکتوبر کو صوابی روانہ ہوگا۔ نئے شیڈول کے مطابق لانگ مارچ کے شرکا (آج) جمعہ کو 9 اکتوبر کو چارسدہ جائیں گے اور رات کا قیام چارسدہ میں ہی ہوگا۔ دس اکتوبر کو لانگ مارچ مردان کا رخ کرے گا اور رات کا قیام وہی ہوگا، 11 اکتوبر کو لانگ مارچ کے تمام قافلے صوابی جائیں گے اور وہی رات کا قیام ہوگا۔ جہاں پر وزیراعلیٰ اگلے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔

بقیہ 48

ڈرگ کوالٹی کنٹرول اسلام آباد نے متعلقہ وفاقی محکموں کو مراسلہ جاری کر دیا۔ مراسلے کے مطابق بغیر لائسنس ادویات کی فروخت پر پابندی آئینی عدالت کے فیصلے کی روشنی میں عائد کی گئی ہے، لائسنس نہ رکھنے والے کلینکس، فارمیسز اور میڈیکل اسٹورز کو بلاتاخیر لائسنس حاصل کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ ڈسٹری بیوٹرز کو بھی سیلز لائسنس نہ رکھنے والے کلینکس کو ادویات سپلائی نہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق ہیلتھ سیٹ اپس میں چھوٹے پیمانے پر ڈاکٹری نسخے پر ادویات فراہم کرنے والوں کو بھی استثنیٰ حاصل نہیں ہوگا۔ ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی، محکمہ صحت اسلام آباد اور پی ایم اینڈ ڈی سی کو بھی مراسلہ ارسال کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 49

معاملہ بے نقاب کر دیا، سیکورٹی سپروائزر کی مدعیت میں تھانہ وارث خان میں نجی پارکنگ کمپنی کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پارکنگ عملے کی جانب سے شہریوں سے اضافی رقم وصول کرنے کا انکشاف ہوا، کار، جیپ اور لوڈر رکشہ کی مقررہ پارکنگ فیس 30 روپے مقرر ہے، موٹر سائیکل کی مقررہ پارکنگ فیس 10 روپے مقرر ہے۔ پولیس نے کہا کہ ٹرک اور مزدا کی مقررہ پارکنگ فیس 50 روپے ہے، عملہ مقررہ فیس سے زائد رقم وصول کرنے پر شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ لاہور ٹریڈ پارکنگ کمپنی کے ذمہ داران کے خلاف کارروائی کا آغاز کرتے ہوئے پولیس نے مقدمہ درج کر کے واقعے کی تفتیش شروع کر دی۔ شہریوں کی شکایات پر چیف منسٹر مانیٹرنگ ٹیم نے ہسپتال پہنچ کر معاملے کا سخت نوٹس لیا، ایم ایس ڈاکٹر اعجاز بٹ نے سوا دو کروڑ روپے مالیت کا پارکنگ کنٹریکٹ مدت پوری ہونے سے پہلے ہی منسوخ کر دیا۔

بقیہ 50

کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس کی خدمات سے استفادہ کر سکیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری سے وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے جمعرات کو یہاں ایوان صدر میں ملاقات کی جس میں انہوں نے صدر مملکت کو سال 2025 کی سالانہ رپورٹ پیش کی۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وفاقی محتسب نے صدر مملکت کو ادارے کی کارکردگی اور عوام کو انتظامی انصاف تک رسائی بہتر بنانے کے لئے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب نے 2025 میں ریکارڈ 261,101 شکایات کا ازالہ کیا جبکہ 2024 میں 223,198 شکایات نمٹائی گئی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عمل درآمد کی شرح 96.8 فیصد رہی۔ انہوں نے صدر مملکت کو وفاقی محتسب کے ادارے کی 28 شہروں تک توسیع اور بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے قائم ون ونڈو سہولت ڈیسکس کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ تقریباً 88 فیصد شکایات قانونی طور پر مقرر کردہ 60 روز کی مدت میں نمٹائی گئیں۔ صدر مملکت نے وفاقی محتسب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ادارہ عوام کو ایک مفید خدمت فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ وفاقی محتسب کی سرگرمیوں بالخصوص عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے کی جانے والی کوششوں کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس کی خدمات سے استفادہ کر سکیں۔

بقیہ 51

دورہ پاکستان میں صدر مملکت، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سمیت اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں ہوئیں، صدر مملکت سے ملاقات میں انتونیو گوتریس کو عالمی امن کے لیے خدمات کے اعتراف میں نشان امتیاز عطا کیا گیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ملاقات میں کشمیر، فلسطین، افغانستان، انسداد دہشت گردی، علاقائی و عالمی امن اور موسمیاتی تبدیلی سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ محسن نقوی سے ملاقات میں عالمی و علاقائی صورتحال اور اقوام متحدہ کے امن مشنز کے امور زیر بحث آئے، وزیر داخلہ نے بتایا کہ پاکستان نے امن مشنز میں ایک سو اکیاسی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ انتونیو گوتریس نے امن مشنز میں پاکستان کے نمایاں کردار کو سراہا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دورہ اقوام متحدہ کے منشور سے پاکستان کے غیر متزلزل عزم اور انتونیو گوتریس کی قیادت و عالمی امن کے لیے خدمات کے اعتراف کا مظہر ہے۔

بقیہ 52

آفیسر ریسکیو 1122 مری انجینئر کامران رشید کی زیر نگرانی ضلع مری کے مختلف عوامی مقامات پر آگاہی واکس اور مختلف اجتماعی مقامات پر آگاہی سیمینارز کا انعقاد کیا گیا، ان سرگرمیوں کے دوران 8 اکتوبر 2005 کے المناک زلزلے کے متاثرین کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا گیا جبکہ زلزلے کے بعد امدادی سرگرمیوں میں حصہ لینے والے اداروں، ریسکیو اہلکاروں، رضاکاروں اور دیگر امدادی ٹیموں کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا، آگاہی سرگرمیوں کے دوران شہریوں کو زلزلہ، لینڈ سلائیڈنگ، شدید بارش، برف باری اور دیگر قدرتی آفات کے دوران حفاظتی اقدامات، بروقت انخلا اور ہنگامی صورتحال میں ریسکیو اداروں سے مؤثر رابطے کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی، اس موقع پر اس عزم کا بھی اظہار کیا گیا کہ ریسکیو 1122 کسی بھی ناگہانی صورتحال میں عوام کی بروقت امداد اور مؤثر ایمرجنسی رسپانس کے لیے ہمہ وقت تیار ہے، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر کامران رشید نے کہا کہ قدرتی آفات کو روکا نہیں جا سکتا، تاہم بروقت تیاری، مؤثر منصوبہ بندی، حفاظتی اقدامات اور عوامی آگاہی کے ذریعے جانی و مالی نقصان کو نمایاں حد تک کم کیا جا سکتا ہے، ریسکیو 1122 مری کا کمیونٹی سیفٹی ونگ عوام الناس میں حفاظتی شعور اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مفت تربیت اور آگاہی پروگرامز کا سلسلہ بھی جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس موقع پر پنجاب کمیونٹی سیفٹی ایکٹ 2021 اور پنجاب کمیونٹی سیفٹی بلڈنگ ریگولیشنز 2022 پر عملدرآمد کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا گیا، شہریوں پر زور دیا گیا کہ محفوظ معاشرے کے قیام کے لیے حفاظتی اصولوں اور متعلقہ قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں گھبرانے کے بجائے احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے متعلقہ اداروں سے فوری رابطہ کریں۔ ریسکیو 1122 مری محفوظ معاشرے کے قیام، عوامی آگاہی، پیشگی تیاری اور ہنگامی صورتحال میں بروقت و مؤثر امدادی کارروائیوں کے لیے ہمہ وقت سرگرم عمل ہے۔

بقیہ 53

قوم ملا خیل، کلی ملا عبداللہ کے رہائشی تھے۔ پولیس ذرائع کے مطابق دونوں بھائی گھر سے ناراض ہو کر نکلے تھے، جن کی لاشیں بعدازاں کوئلے کی بند کان سے برآمد ہوئیں۔

بقیہ 54

پر فائر لائف سیفٹی آڈٹس کیے گئے۔ کارروائیاں اسلام آباد فائر پریوینشن اینڈ لائف سیفٹی ریگولیشنز کے تحت کی گئیں۔ ستمبر کے دوران مختلف شعبوں میں 154 آڈٹس کیے گئے، جن میں 115 ہسپتال، 29 سرکاری، 6 کمرشل اور 4 رہائشی عمارتیں شامل ہیں۔ فائر سیفٹی ضوابط کی خلاف ورزی پر مجموعی طور پر 92 مقامات سیل کیے گئے، جن میں 78 کمرشل دکانیں، 8 بلند عمارتیں، 4 رہائشی عمارتیں اور 3 سرکاری عمارتیں شامل ہیں۔ کارروائی کے دوران 288 چالان جاری کیے گئے اور مختلف کیسز میں 24 لاکھ روپے وصول کیے گئے، جن میں کمرشل کیسز سے 17 لاکھ روپے جبکہ ہسپتالوں سے 7 لاکھ روپے شامل ہیں۔ مزید برآں، 102 کمرشل فائر لائف سیفٹی پلانز کی فیس کی مد میں 5 لاکھ 10 ہزار روپے وصول کیے گئے۔ ہسپتالوں کے حوالے سے 150 ہسپتالوں میں فائر سیفٹی آلات کی ناکافی سہولیات کی نشاندہی ہوئی۔ متعلقہ اداروں کو فائر سیفٹی قوانین اور بلڈنگ کوڈز پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ کیپٹل ایمرجنسی سروسز سی ڈی اے کی جانب سے فائر اینڈ سیفٹی قوانین پر عمل نہ کرنے والی عمارتوں کے خلاف سیلنگ کا عمل جاری رہے گا، جبکہ مطلوبہ حفاظتی اقدامات مکمل کرنے والی عمارتوں کو تصدیق کے بعد ڈی سیل کیا جائے گا۔ سی ڈی اے فائر سیفٹی قوانین پر سختی سے عملدرآمد، بقایاجات کی وصولی اور زیر التوا کیسز کو جلد نمٹانے کے لیے کارروائیاں مزید تیز کرے گا۔

راولپنڈی فشریز ٹریننگ سب سنٹر میں ایکوا کلچر مینجمنٹ آن لائن کورس کا آغاز 12 اکتوبر سے

”ایکوا کلچر مینجمنٹ“ کا تین روزہ آن لائن تربیتی کورس 12 اکتوبر سے 14 اکتوبر 2026 تک جاری رہے گا

کورس میں شرکت کیلئے کوئی فیس وصول نہیں کی جائے گی جبکہ رجسٹریشن کے خواہشمند افراد 03115336150 پر رابطہ کرسکتے ہیں

کورس کے اوقات صبح 9:30 بجے سے دوپہر ایک بجے تک ہوں گے، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز ٹریننگ سب سنٹر سیدہ نمرہ

راولپنڈی (این ای این) فشریز ٹریننگ سب سنٹر راولپنڈی میں "ایکوا کلچر مینجمنٹ" کا آن لائن ٹریننگ کورس کا آغاز 12 اکتوبر بروز سوموار سے ہو گا۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز ٹریننگ سب سنٹر سیدہ نمرہ کے زیر نگرانی تین روزہ آن لائن تربیتی کورس "ایکوا کلچر مینجمنٹ 12 "اکتوبر سے 14 اکتوبر 2026 تک جاری رہے گا جس کے اوقات کار صبح 9:30 بجے (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد کو پہلا پلاسٹک فری شہر بنانے کا عزم

وزیر مملکت طلال چوہدری سے چیمبر آف کامرس اور تاجر رہنماؤں کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری سے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور انجمن تاجران کے وفد نے اہم ملاقات کی، جس میں وفاقی دارالحکومت کو پلاسٹک فری شہر بنانے کے حوالے سے حکمت عملی اور اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، انوائرمنٹل پروٹیکشن (بقیہ نمبر 2)

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری اور ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی اسلام آباد پولیس کے جاری تعمیراتی منصوبوں کا جائزہ لے رہے ہیں

ایتھوپیا، روانڈا اور تاجکستان کے سفیروں کی وزیر دفاع سے ملاقات

دفاع اور ہوابازی کے شعبوں میں تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر اومرحسین اوبا، پاکستان میں روانڈا کی ہائی کمشنر ہریمانا فاتو اور جمہوریہ تاجکستان کے سفیر برائے غیر معمولی و مکمل اختیارات یوسف شریف زودہ نے اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ان کے دفتر (بقیہ نمبر 3)

ایسا لگ رہا ہے پیپلز پارٹی بہت بڑا کمپرومائز کرچکی ہے، شوکت یوسفزئی

اس کا جمہوری چہرہ بے نقاب ہوگیا ہے، ہمارا اصل مسئلہ وفاقی حکومت کے ساتھ ہے

پشاور (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی خیبر پختونخوا شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ دو دن سے مسلسل پیپلز پارٹی پریس کانفرنس کر رہی ہے، ایسا لگ رہا ہے کہ پیپلز پارٹی بہت بڑا کمپرومائز کر چکی ہے، اس کا جمہوری چہرہ بے نقاب ہوگیا ہے، ہمارا اصل مسئلہ وفاقی حکومت کے ساتھ ہے۔ اپنے بیان میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 4)

شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر اظہارِ تشکر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر اظہار تشکر کیا اور سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فتنۃ الخوارج کے 4 اہم کمانڈرز سمیت 9 دہشتگرد ہلاک کرنے پر سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔

ایل پی جی سرکاری قیمت 279 کی بجائے 470 سے 500 روپے میں فروخت

لاہور (این این آئی) متعلقہ اداروں کی غفلت کے باعث شہر میں ایل پی جی کی من مانی قیمت پر فروخت جاری ہے۔ ایل پی جی کی سرکاری قیمت 279 روپے 34 پیسے فی کلو مقرر ہے تاہم مختلف مقامات پر ایل پی جی 470 سے 500 روپے میں فروخت کی جا رہی ہے ۔ دکانداروں کا موقف ہے کہ انتظامیہ پلانٹس کے خلاف کارروائی کرے، ہمیں مقررہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنائی جائے ہم سرکاری نرخ کے مطابق فروخت کریں گے۔

لیسکو میں اے ایم آئی سمارٹ میٹرز کی مد میں اوور بلنگ کرنے کا انکشاف

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی مس اے ایم آئی سمارٹ میٹرز کے ذریعے صارفین کو اوور بلنگ کیے جانے کا انکشاف سامنے آیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سمارٹ میٹرز کی کمیونیکیشن بلاک کرکے صارفین کو اضافی یونٹس چارج کیے گئے جبکہ بعض میٹرز کو میوٹ کرکے بھی یونٹس شامل کیے گئے۔ ذرائع کے مطابق سمارٹ میٹرز کی کمیونیکیشن بند (بقیہ نمبر 5)

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی اینڈ ریسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کے اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر اور ایم این اے محترمہ طاہرہ اورنگزیب کر رہے ہیں

ڈینگی کیخلاف مؤثر اقدامات راولپنڈی میں صورتحال گزشتہ سال کی نسبت بہتر

راولپنڈی میں رواں سال ستمبر میں 53 ہزار سے زائد لاروا تلف، مریضوں کی تعداد 352 سے کم ہو کر صرف 9 رہ گئی

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی اینڈ ریسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر اور ایم این اے محترمہ طاہرہ اورنگزیب کی زیر صدارت منعقد ہوا

راولپنڈی (این ای این) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی اینڈ ریسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر اور رکن قومی اسمبلی محترمہ طاہرہ اورنگزیب کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات دانیال چوہدری، سینیٹر ناصر بٹ، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ، اراکین صوبائی اسمبلی اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع راولپنڈی میں (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی، بچی سے مبینہ نازیبا حرکات، ملزم دکاندار گرفتار

ویڈیو سامنے آنے پر مقدمہ درج کرکے نازیبا حرکات کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا گیا، پولیس

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں تھانہ دھمیال کے علاقے میں کریانہ اسٹور کے دکان دار نے سامان خریدنے آئی بچی سے مبینہ نازیبا حرکات کیں، پولیس نے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کے حوالے سے ویڈیو سامنے آنے پر مقدمہ درج کرکے نازیبا حرکات کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا گیا۔ مقدمے میں موقف اپنایا گیا کہ بچی دکان سے سامان خریدنے گئی تھی جہاں دکان دار نے مبینہ طور پر ان کے ساتھ نازیبا حرکات کیں۔

گوجرانوالہ، دو انسانی اسمگلرز کو 17، 17 سال قید کی سزا

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ میں وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے کی خصوصی عدالت نے انسانی اسمگلنگ مقدمے میں حمزہ اور یاسین کو 17، 17 سال قید کی سزا سنادی۔ جمعرات کو عدالت نے مجرموں کو 11، 11 لاکھ روپے جرمانہ بھی ادا کرنے کا حکم دیا۔ ایف آئی اے کے مطابق مجرمان نے شہری کو 15 لاکھ روپے میں یونان پہنچانے (بقیہ نمبر 7)

کوہاٹ میں زوردار دھماکا، پرزے گرنے سے گھر تباہ، مسجد کو نقصان

پرزے گرنے سے کئی گھروں کو بھی نقصان پہنچا، دھماکے کی نوعیت کا تعین نہیں ہوسکا

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) کوہاٹ کے گاں سپین علی بانڈہ کی حدود میں رات ڈھائی بجے زوردار دھماکے کی آواز سنی گئی، جس کی شدت اور آواز دور دور تک محسوس کی گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ دھماکے کے بعد قریبی گھروں میں کچھ پرزے بھی گرے، دھماکے کے نتیجے میں مقامی شہری رومان گل ماما کا گھر مکمل طور پر تباہ ہوگیا، جبکہ قریبی مسجد کی عمارت کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول (بقیہ نمبر 8)

پنجاب حکومت نے پانچ افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے پانچ افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے ۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈائریکٹر جنرل پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کی ڈسپوزل پر موجود ندیم گوہر کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے جبکہ اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو) راولپنڈی محمد سعید نواز کی خدمات ڈائریکٹر جنرل پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کے سپرد کر دی گئیں۔ خالد محمود ٹیپو کو کمشنر انفورسمنٹ پنجاب ریونیو اتھارٹی گوجرانوالہ، سلمان ظفر کو ایڈیشنل (بقیہ نمبر 9)

وزیراعلیٰ کے پی کو نااہل قرار دینے کی درخواست سماعت کیلئے مقرر

شیر افضل مروت نے سہیل آفریدی کو وزیراعلیٰ بنانے کا اقدام چیلنج کیا ہوا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو نااہل قرار دینے کی درخواست سماعت کے لیے مقرر کردی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے کیس 15 اکتوبر کو سماعت کے لیے مقرر کیا ہے، چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں بینچ سماعت کرے گا۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی کے سابق (بقیہ نمبر 10)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی صدارت میں اہم اجلاس، تجاوزات کے خلاف آپریشن اور پرائس کنٹرول کا جائزہ

مری میں تجاوزات کے خاتمے اور پرائس کنٹرول کیلئے سخت کارروائی کی ہدایت

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی و مقررہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس کی سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی مقامات سے ہر قسم کی تجاوزات بلاتفریق ختم کرنے کی ہدایت

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی صدارت میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں جاری تجاوزات کے خلاف کارروائیوں اور پرائس کنٹرول کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ مری میں سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی مقامات سے ہر قسم کی تجاوزات کا خاتمہ بلاتفریق یقینی بنایا جائے تاکہ سیاحوں اور مقامی شہریوں کو آمدورفت (بقیہ نمبر 11)

15 کال پر آنے والی پولیس پارٹی پر قبضہ مافیا کا ڈنڈوں سوٹوں سے حملہ

ساہیوال (این این آئی) نواحی چک 174 نو ایل میں 15 کال پر آنے والی پولیس پارٹی پر قبضہ مافیا کا ڈنڈوں سوٹوں سے حملہ، لیڈی کانسٹیبل اور ڈرائیور سمیت دو کانسٹیبل زخمی تشدد، وردیاں پھاڑ دینے، نقدی چھین لینے اور موبائل توڑنے کے الزامات 15 کے خلاف مقدمہ درج، 9 گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شام 15 کال پر پولیس غازی آباد کے سب انسپکٹر اصغر علی، محمد اشرف اے ایس آئی، ندا آمنہ لیڈی کانسٹیبل، آمنہ اسلم (بقیہ نمبر 12)

چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے اے ایس آئی محمد فیصل کو تعریفی سرٹیفکیٹ دے رہی ہیں

سفیر ممتاز زہرا بلوچ نے ’زونٹا کلب انٹرنیشنل‘ کے زیر اہتمام عالمی سفارت کاری میں خواتین کے موضوع پر منعقدہ کانفرنس میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی

لانگ مارچ سے پریشانی ہو تو ایک دن اسکول بند کرسکتے ہیں، محکمہ تعلیم پختونخوا

نجی اسکولوں کی انتظامیہ نے طلبہ اور عملے کو پریشانی سے بچانے کیلئے اسکول بند کردیے

پشاور (این این آئی) محکمہ تعلیم خیبر پختونخوا نے راستوں کی بندش کے حوالے سے موقف اختیار کیا گیا ہے کہ اگر لانگ مارچ سے مشکل ہو تو ایک دن اسکول بند رکھے جاسکتے ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کی پشاور آمد کے پیش نظر شہر کے متعدد نجی اسکول جمعرات کو بند رہے۔۔ اسکول انتظامیہ کے مطابق (بقیہ نمبر 13)

افغانستان میں سیاسی تبدیلی جلد آنے والی ہے، گلبدین حکمت یار

طالبان کو جنگ یا امن میں سے ایک راستہ منتخب کرنا ہوگا، سابق وزیراعظم افغانستان

کابل (این این آئی) افغانستان کے سابق وزیراعظم اور حزب اسلامی کے سربراہ گلبدین حکمت یار نے طالبان حکومت پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں سیاسی تبدیلی ناگزیر ہے اور اس کے آثار جلد سامنے آسکتے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق آن لائن خطاب میں گلبدین حکمت یار نے کہا کہ افغانستان کے مستقبل کا فیصلہ افغان عوام کو اپنے منتخب نمائندوں کے ذریعے کرنا چاہیے، ان کے بقول اقتدار عوام کو منتقل کیا جائے تاکہ (بقیہ نمبر 14)

سیکرٹری سوشل ویلفیئر شریف حسین اور چیف چائلڈ کمیشن اعجاز محمد خان نے پشاور یونیورسٹی کے ایریا اسٹڈی سینٹر میں KPCPWC، یونیسیف اور بلیو وینز (BlueVeins) کے زیر اہتمام بچوں کے جنسی استحصال اور زیادتی کے خلاف صوبہ گیر آگاہی مہم کا آغاز کر رہے ہیں

کینٹ کے علاقوں میں صفائی کا نظام بدحال

گندگی کے ڈھیر شہریوں کیلئے وبال بن گئے، صفائی ٹیکس کی وصولی جاری

مگر صفائی عملہ اور متعلقہ اہلکار زمینی صورت حال سے غائب

راولپنڈی (رپورٹ/عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹونمنٹ بورڈ کے مختلف علاقوں میں صفائی کی صورتحال پر شہریوں میں تشویش بڑھنے لگی، پیپلز کالونی سٹریٹ نمبر 37/8 میں گزشتہ کئی روز سے گندگی کا ڈھیر موجود ہونے کے باوجود صفائی نہ ہوسکی۔ شہریوں کے مطابق علاقے میں جگہ جگہ کوڑا جمع ہے جبکہ صفائی عملہ اور متعلقہ افسران کی مؤثر نگرانی دکھائی نہیں دیتی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ کو پراپرٹی اور پانی کے ٹیکس کے علاوہ صفائی کی مد میں بھی ٹیکس ادا کیا جاتا ہے، تاہم اس کے باوجود اگر کئی کئی روز تک گندگی اٹھانے والا کوئی نظر نہ آئے تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ صفائی کا نظام کس انداز میں چلایا جا رہا ہے ۔ شہریوں نے ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس، چیف ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کینٹونمنٹ بورڈ اور دیگر (بقیہ نمبر 15)

حج پر بعض صحافی 5 سے زائد مرتبہ کیسے گئے؟ قائمہ کمیٹی

یہاں جس کی لاٹھی اس کی بینس والا معاملہ چل رہا ہے، کنوینئر کمیٹی اعجاز الحق

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں ڈی جی حج کی تبدیلی، حج پالیسی، میڈیا نمائندوں کو حج پر بھجوانے اور زیارات پالیسی سے متعلق اہم سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ کمیٹی نے ڈی جی حج سے ویڈیو لنک کے ذریعے بریفنگ لینے سے انکار کرتے ہوئے ان کی تبدیلی کا معاملہ دوبارہ اٹھادیا۔ ذیلی کمیٹی کا اجلاس کنوینئر اعجاز الحق کی زیر صدارت ہوا، جس میں کمیٹی ارکان نعیمہ کشور، شگفتہ (بقیہ نمبر 16)

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری نے سنٹرل پولیس آفس میں اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں افسران و جوانوں نے اپنے سروس اور ذاتی نوعیت کے معاملات پیش کیے

اپنے ہی بچے کے مبینہ قتل کے الزام میں قید ماں کو بری کر دیا گیا

ملزمہ انیقہ پر اپنے پانچ سالہ بچے کو قتل کرنے کا الزام تھا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے اپنے ہی بچے کے مبینہ قتل کے الزام میں قید ماں کو عدم شواہد پر بری کر دیا۔ جسٹس ملک شہزاد کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، ملزمہ کے وکیل نے عدالت ملزمہ کے خلاف بچے کو جلا کر مارنے کا الزام ہے، ملزمہ کے خلاف کوئی ٹھوس شواہد نہیں، نہ پٹرول نہ کچھ اور برآمدگی ہوئی، ملزمہ کے خلاف کوئی (بقیہ نمبر 17)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن سیف اللہ پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

گھر پر دستی بم حملہ اور مسلح افراد کی فائرنگ، پولیس اہلکار جاں بحق

نامعلوم مسلح افراد نے پہلے گھر پر دستی بم سے حملہ کیا پھر خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کی

پنجگور (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پنجگور کے علاقے خدابادان میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس اہلکار کے گھر پر دستی بم سے حملہ کرنے کے بعد خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار جاں بحق ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق حملہ آوروں نے پولیس اہلکار پیر جان کے گھر کو نشانہ بنایا اور دستی بم حملے کے بعد خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں پیر جان موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ جاں بحق اہلکار کی شناخت پیر جان ولد محمد ابراہیم کے نام سے ہوئی ہے۔ واقعے سے متعلق (بقیہ نمبر 18)

پختونخوا پولیس بدحالی کا شکار؛ سنگین سوالات اٹھ گئے

صوبائی حکومت سیاسی احتجاج اور دھرنوں میں مصروف ہے، پولیس کو نظر انداز کیا جا رہا ہے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کی پولیس سنگین بدحالی کا شکار ہے جس کی وجہ سے صوبائی حکومت کی ترجیحات سوالات اٹھ رہے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کا مقابلہ کرنے والی پولیس کو بنیادی وسائل اور جدید آلات کی کمی کا سامنا ہے، جبکہ صوبائی حکومت کی ترجیحات اور پولیس کو درپیش مشکلات کے حوالے سے سنگین سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ عوام کی جانب سے صوبائی حکومت پر شدید تنقید کی جا رہی ہے (بقیہ نمبر 19)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

پیٹرولیم سپلائی چین کی ڈیجیٹلائزیشن پر کام جاری ہے، علی پرویز ملک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ اسمگلنگ روکنے کیلئے پیٹرولیم سپلائی چین کی ڈیجیٹلائزیشن پر کام جاری ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم کے اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ مارچ تک پیٹرولیم سپلائی چین کو اوگرا اینڈ ٹو اینڈ ڈیجیٹائز کردے گا۔ انہوں نے کہا کہ مشرق وسطی جنگ سے دنیا میں کھاد کا بحران پیدا ہوا، ہم نے کھاد فیکٹریوں کو گیس دی اور کھاد کی قیمت بھی نہیں بڑھی۔ اس دوران اوگرا حکام نے بتایا (بقیہ نمبر 21)

مولانا فضل الرحمٰن سے حاجی غلام بلور کی ملاقات، قومی و سیاسی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سینئر سیاستدان و سابق وفاقی وزیر حاجی غلام بلور نے جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات کی جس میں قومی و سیاسی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران حاجی غلام بلور نے مولانا فضل الرحمٰن کو عمرہ ادائیگی پر مبارکباد دی۔ ملاقات میں قومی و سیاسی صورتحال اور امن و امان کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سینیٹر کامران مرتضیٰ اور سابق ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی زاہد درانی بھی موجود تھے۔

مری میں امن و امان، تجاوزات اور پرائس کنٹرول کا جائزہ، مشترکہ حکمت عملی پر زور

ڈپٹی کمشنر مری کی زیر صدارت اجلاس میں تجاوزات کے خلاف آپریشن، محکمہ صحت اور پرائس کنٹرول سمیت دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا

تمام محکمے باہمی تعاون کی پالیسی کے تحت مشترکہ حکمت عملی سے کام کریں، عوام کو ریلیف کی فراہمی اور قانون کی عملداری یقینی بنائیں، ڈپٹی کمشنر مری

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت ڈی سی آفس مری میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، اسسٹنٹ کمشنر مری سمیت تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن، محکمہ صحت اور (بقیہ نمبر 20)

ایئر یونیورسٹی کے شعبہ "کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سٹڈیز" کے طلباء و طالبات نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد کے مطالعاتی دورہ کے موقع پر آئی جی اسلام آباد سے ملاقات کر رہے ہیں

حوثیوں کے خلاف پاک فضائیہ کے استعمال کی خبر کو جھوٹ قرار

عالمی میڈیا قیاس آرائیوں پر مبنی رپورٹنگ سے گریز کرے، وزارت اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے جاری کردہ فیکٹ چیک کے مطابق حوثیوں کے خلاف پاک فضائیہ کے استعمال سے متعلق نیویارک ٹائمز کی خبر مکمل طور پر جھوٹی اور من گھڑت ہے۔ وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے جاری کردہ فیکٹ چیک کے مطابق عالمی میڈیا کو ایک بار پھر نشاندہی کی جاتی ہے کہ وہ مکہ مشترکہ (بقیہ نمبر 22)

پاکستان میں طاعون کی وبا کے پھیلنے کا رسک بہت کم ہے

بارڈر ہیلتھ سروسز کو تمام پوائنٹس آف اینٹری پر الرٹ کر دیا، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان میں اس وقت طاعون پھیلنے کا رسک بہت کم ہے۔ ایک بیان میں مصطفیٰ کمال نے کہا کہ روس کے شہر سائبیریا میں طاعون کے مشتبہ کیس پر عالمی ادارہ صحت کو بھی صورت حال سے مکمل آگاہی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اس وقت طاعون پھیلنے کا رسک بہت کم ہے، بارڈر ہیلتھ سروسز کو تمام پوائنٹس آف اینٹری پر الرٹ کر دیا ہے، این آئی ایچ کے (بقیہ نمبر 23)

کندھ کوٹ سرکاری ہسپتال کے نیوٹریشن وارڈ میں مبینہ بے ضابطگیوں کی شکایات

انتظامی امور، غذائی اشیاء کی وصولی، اسٹاک اور تقسیم کے مکمل ریکارڈ کی شفاف و غیر جانبدارانہ جانچ کا مطالبہ

شہریوں کا کہنا ہے کہ مبینہ طور پر بعض غذائی اشیاء اصل مستحقین کے بجائے من پسند افراد تک پہنچنے کے خدشات ہیں

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ کے سرکاری اسپتال میں قائم نیوٹریشن وارڈ کی کارکردگی اور مستحق خواتین و بچوں کے لیے فراہم کی جانے والی غذائی سہولیات کی تقسیم کے حوالے سے شہریوں کی جانب سے سنجیدہ نوعیت کی شکایات سامنے آئی ہیں شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے نیوٹریشن وارڈ کے انتظامی امور غذائی اشیاء کی وصولی اسٹاک اور مستحق افراد میں تقسیم کے مکمل ریکارڈ کی شفاف اور غیر جانبدارانہ جانچ پڑتال کرائی جائے شہریوں کے مطابق سرکاری اسپتال میں قائم نیوٹریشن وارڈ کا (بقیہ نمبر 24)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو رہائی ملنی چاہیے، کیپٹن (ر) محمد صفدر

مذاکرات کبھی غیر مشروط نہیں ہوتے، ہمیشہ کچھ لو اور کچھ دو کے اصول پر ہوتے ہیں

ایبٹ آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے شوہر کیپٹن (ر) محمد صفدر نے کہا ہے کہ مذاکرات کبھی غیر مشروط نہیں ہوتے، ہمیشہ کچھ لو اور کچھ دو کے اصول پر ہوتے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو رہائی ملنی چاہیے، بیٹیاں اور بہنیں سب کی سانجھی ہوتی ہیں۔ کیپٹن (ر) محمد صفدر نے کہا کہ خیبر پختون (بقیہ نمبر 25)

حیدرآباد میں 11 ماہ سے محفوظ فیصلہ نہ سنائے جانے پر وکیل نے اپنا کوٹ جلا دیا

حیدرآباد (این این آئی) حیدرآباد میں ہائیکورٹ سرکٹ بینچ میں 11 ماہ سے محفوظ فیصلہ نہ سنائے جانے پر وکیل نے اپنا کوٹ جلا دیا۔ ایڈووکیٹ سکندر بھٹی کے مطابق سول مقدمے کا محفوظ فیصلہ 11 ماہ سے زیر التوا ہے۔ ادھر ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر ایاز تونیو ایڈووکیٹ نے کہا کہ محفوظ فیصلہ جاری نہ کرنے پر وکیل نے کوٹ کو آگ لگائی۔

جان کا خطرہ، شہری نے ڈی آئی جی آپریشنز سے مدد کی اپیل کر دی

فیصل کامران نے کھلی کچہری میں شہری کو ہر ممکن مدد اور تحفظ کی یقین دہانی کرائی

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں شہری نے ڈی آئی جی آپریشنز سے اپنی جان بچانے کے لیے مدد کی اپیل کر دی۔ جس پر فیصل کامران نے شہری کو ہر ممکن مدد اور تحفظ کی یقین دہانی کرائی۔ فیصل کامران نے شہری کی مدد کیلئے آئی جی آفس اور متعلقہ افسران سے فوری رابطہ کروادیا۔ اسی طرح شہری کی دو سال سے پھنسی 30 لاکھ روپے کی رقم میں سے 15 لاکھ واپس (بقیہ نمبر 26)

پتوکی، رشتے کے تنازع پر نوجوان نے لڑکی کو قتل کر کے خودکشی کر لی

پتوکی (این این آئی) پتوکی میں نوجوان نے گھر میں گھس کر لڑکی کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کے بعد خودکشی کر لی۔ اہل علاقہ کے مطابق ملزم نعمان نے گھر میں گھس کر 22 سالہ عتیقہ کو فائرنگ کا نشانہ بنایا اور بعدازاں خود کو بھی گولی مار کر خودکشی کر لی۔ پولیس نے فرانزک ماہرین کے ہمراہ شواہد اکٹھے کرنے کے بعد دونوں لاشوں کو پوسٹمارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس حکام کے مطابق ابتدائی معلومات کے مطابق واقعہ رشتے کے تنازع پر پیش آیا تاہم مزید تحقیقات جاری ہیں۔

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، شہریوں کی شکایات غور سے سنیں اور فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کئے

معذور طالب علم نے آن لائن اے اور او لیول ٹیوشن پڑھانا شروع کر دی

سلیمان طارق 2 سال قبل ویلنگ کرنے والے آوارہ لڑکوں کی مجرمانہ غلطی سے پیرالائز ہو گئے تھے

بیوہ ماں کا ہاتھ بٹانے کیلئے اے اور او لیول فزکس، کیمسٹری، بیالوجی کے مضامین پڑھایا کرینگے

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ عبدالرحمان) یتیم اور ہونہار معذور طالب علم سید سلیمان طارق زیدی نے ہمت اور دلیری کی ایک اور مثال قائم کردی۔ سلیمان طارق نے اے اور او لیول میں ٹاپ کیا اور اپنی تعلیم جاری رکھنے کے ساتھ ساتھ اے اور او لیول آن لائن ٹیوشن دینا بھی شروع کر دی ہے۔ سلیمان طارق 2 سال قبل ویلنگ کرنے والے بعض آوارہ لڑکوں کی مجرمانہ غلطی کے باعث حادثہ کا شکار ہو کر پیرالائز ہو گیا تھا۔ اس خوفناک حادثہ میں سلیمان طارق کی ریڑھ کی ہڈی فریکچر ہو گئی تھی جبکہ (بقیہ نمبر 27)

اپوزیشن اتحاد کی حکومت سے مذاکرات سے متعلق اجلاس بلانے کی تردید

حکومت یا مولانا فضل الرحمان کی جانب سے مذاکرات پر کوئی رابطہ نہیں ہوا، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن رہنماؤں نے حکومت سے مذاکرات سے متعلق کوئی اجلاس بلانے کی تردید کر دی۔ نجی ٹی وی سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے کہا کہ حکومت یا مولانا فضل الرحمان کی جانب سے مذاکرات پر کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے مذاکرات ہوئے تھے جبکہ مولانا فضل الرحمان سے اے پی سی سے متعلق ملاقات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ایک روز قبل مولانا فضل الرحمان کی رہائشگاہ پر آخری ملاقات میں اے پی سی پر بات ہوئی تھی۔ اپوزیشن اتحاد کے ترجمان اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ آخری ملاقاتوں کے بعد حکومت یا مولانا فضل الرحمان کا مذاکرات (بقیہ نمبر 28)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035